الدولة المکیہ
بالمادة الغیبیہ

مصنف
اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب
بریلوی

مکتبہ رضویہ
آرام باغ روڈ۔ کراچی ۱
فون:۔ ۲۱۷۸۸۹، ۲۱۶۴۶۴

الدولۃ المکیہ
بالمادۃ الغیبیہ

مصنفہ امام اہلِ سنت مجددِ ملت

اعلحضرت الشاہ **احمد رضا خاں صاحب** قادری رحمۃ اللہ علیہ

مترجمہ حضرت حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خانصاحب قادری رضوی رحمۃ اللہ علیہ

تعلیقاتہا للمصنف باسم التاریخی

الفیوضات الملکیہ لمحب الدولۃ المکیہ

قاری رضا المصطفیٰ اعظمی

مکتبہ رضویہ آرام باغ - گاڑی کھاتہ - کراچی

باہتمام دار العلوم امجدیہ کراچی

عرضِ ناشر

امام اہلسنّت اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی یہ نادر کتاب "الدولۃ المکیۃ بالمادۃ الغیبیۃ" ایک عرصے سے ناپید تھی۔ حالات نے اس کے طبع کرانے کی اجازت نہیں دی۔ بہر حال ہر چیز کے لئے قسّامِ ازل نے ایک وقت مقرر فرمادیا ہے کلّ امر مرھون باوقاتہ مشہور ہے۔

یہ نادر کتاب اسلام کے ایک نہایت ہی اہم اور دشوار موضوع علمِ غیب اور اس کی حقیقت وماہیت پر مشتمل ہے اور اس پر ہر کس و ناکس قلم اٹھانے کی ہمّت نہیں رکھتا۔ "ہر کارے و ہر مردے" کے مصداق امام اہلسنت اعلیٰحضرت فاضل بریلوی جیسے بلند پایہ جلیل القدر عالم ہی اس اہم موضوع پر قلم اٹھا سکتے تھے۔ چنانچہ زیرِ نظر کتاب میں اعلیٰ حضرت نے نہایت عالمانہ اور فاضلانہ انداز میں اس موضوع کا حق ادا کر دیا ہے۔

کتاب کو آسان اور عام فہم بنانے اور اس کی افادیت کو زیادہ سے زیادہ کرنے کے لئے عربی متن کے مقابل اردو ترجمہ بھی دیا گیا ہے شروع میں فہرست کا اضافہ بھی کر دیا گیا ہے۔

دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ قارئین کے عقائد و اعمال کی اس کتاب سے اصلاح اور تصحیح فرمائے۔

رضاء المصطفیٰ اعظمی
خطیب نیو میمن مسجد،
کراچی ۲۷

نگرانِ طباعت
مصطفیٰ اسور اعظمی
عالم، حافظ، قاری

چار ایسے عظیم رہنماؤں کے نام!

"جواب ہم میں نہیں ہیں"

صدر الشریعہ حضرت مولانا محمد امجد علی ... فقیہ اعظم

صدر الافاضل حضرت مولانا سیّد محمد نعیم الدین ... مفسر اعظم

مخدوم الملت حضرت مولانا سیّد محمد اشرفی جیلانی ... محدث اعظم

شیر بیشۂ اہلسنت حضرت مولانا محمد حشمت علیخاں ... مناظر اعظم

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

سوگوارِ غم

● رضا المصطفیٰ اعظمی

خطیب نیو میمن مسجد، بندر روڈ، کراچی ۲

فون: ۲۱۶۳۶۴

فون: ۲۱۷۸۸۹

نذر عقیدت

بحضور!

شیخ الاسلام والمسلمین حضور مفتی اعظم ہند

مجاہد ملت حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب قبلہ

برہان ملت حضرت مولانا سید برہان الحق صاحب قبلہ

صدر العلماء حضرت مولانا سید غلام جیلانی صاحب قبلہ میرٹھی

دعاؤں کا طالب

● قاری رضاء المصطفیٰ اعظمی
صدر ورلڈ اسلامک مشن پاکستان
آرام باغ روڈ۔ کراچی
فون: ۲۱۷۸۸۹
فون: ۲۱۶۴۶۴

یکم ستمبر ۱۹۹۶ء

فہرست مضامین، کتاب "الدولۃ المکیّۃ"

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْمِ ؕ

الحمد للہ علام الغیوب٭ غفار الذنوب٭ ستار العیوب المظہر من ارتضٰے من رسول علی السر المحجوب٭ افضل الصلاۃ واکمل السلام علی ارضٰی من ارتضی واحب محبوب سیّد المطلعین علی الغیوب٭ الذی علمہ ربہ تعلیما وکان فضل اللہ علیہ عظیما٭ فھو علی کل غائب امین وماھو علی الغیب بضنین ولا ھو بنعمۃ ربہ بمجنون٭ مستور عنہ ماکان او یکون فھو شاھد الملک والملکوت ومشاھد الجبار والجبروت مازاغ البصر وما طغیٰ افتمرونہ علٰی مایریٰ نزل علیہ القران تبیانا لکل شئ فاحاط بعلوم الاولین والاخرین وبعلوم لاتحصر بحد وینحسر دونھا الحد ولایعلمھا احد من العٰلمین فعلوم ادم وعلوم العالم وعلوم اللوح و علوم القلم کلھا قطرۃ من بحار علوم حبینا صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لدن علومہ وما یدریک ما علومہ علیہ صلوات اللہ تعالٰی وتسلیمہ ھی اعظم رشحۃ واکبر غرفۃ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

سب خوبیاں اللہ کو جو جمیع غیوب کا کمال جاننے والا ہے، گناہوں کا بڑا بخشنے والا عیبوں کا بہت چھپانے والا۔ پوشیدہ راز پر اپنے پسندیدہ رسولوں کو مسلط کرنے والا[1]۔ اور سب سے افضل درود اور سب سے کامل تر سلام ان پر جو ہر پسندیدہ سے زیادہ پسندیدہ اور ہر پیارے سے بڑھ کر پیارے ہیں۔ غیبوں پر اطلاع پانے والوں کے سردار جن کو ان کے رب نے خوب سکھایا، اور اللہ کا ان پر فضل بہت بڑا ہے اور وہ ہر غیب پر امین اور غیب کے بتانے میں بخیل نہیں اور نہ وہ اپنے رب کے احسان سے کچھ پوشیدگی میں ہیں کہ جو ہو گزرا یا آنے والا ہو، ان سے چھپا ہو تو وہ ملک اور ملکوت کے مشاہدہ فرمانے والے ہیں اور اللہ عزوجل کی ذات وصفات کے ایسے دیکھنے والے ہیں کہ نہ آنکھ کج ہوئی اور نہ حد سے بڑھی، تو کیا تم جو کچھ وہ دیکھ رہے ہیں اس میں ان سے جھگڑتے ہو، اللہ نے اُن پر قرآن اُتارا ہر چیز کا روشن بیان کر دینے کو تو حضور نے تمام اگلے پچھلے علوم پر احاطہ فرمایا اور ایسے علموں پر جو کسی حد پر نہ رکیں اور گنتی ان تک پہنچنے سے تھک رہے اور تمام جہاں میں ان کو کوئی نہیں جانتا۔ تو آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم۔ اور تمام عالم کے علم اور لوح وقلم کے علم یہ سب مل کر ہمارے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علموں کے سمندروں سے ایک بوند ہیں۔ اس واسطے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علوم (اور تو نے کیا جانا کہ حضور کے علم کیا ہیں۔) ان پر اللہ تعالیٰ کے

---

[1] مظہر کا ترجمہ مسلط کرنے والا اس لئے کیا گیا کہ ظہور یا اظہار کے صلہ میں جب علیٰ آئے تو اُس کے معنی چیرہ شدن یا چیرہ گردانیدن ہو جاتے ہیں یعنی مسلط کردینا یا قبضہ میں دیدینا کما یقال ظہر علیہ ای غلب علیہ کذا فی الصراح ۱۲ حامد رضا غفرلہ

من ذلك البحر الغير المتناهی اعنی العلم الازلی الالٰہی فھو یستمد من ربہ والخلق یستمدون منہ فما عندھم من العلوم انما ھی لہ وبہ ومنہ وعنہ ؎

وکلھم من رسول اللہ ملتمس غرفا من البحر او رشفا من الدیم
وواقفون لدیہ عند حدھم من نقطة العلم او من شکلة الحکم

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وعلیٰ اٰلہ وصحبہ وبارک وکرم۔ اٰمین۔

وبعد فقد اتانی وانا حل بالبلد الحرام۔ سؤال من بعض الھنود فی علم سید الانام۔ علیہ وعلیٰ اٰلہ وصحبہ افضل الصلاة والسلام۔ وقت العصر یوم الاثنین لخمس بقین من ذی الحجة۔ عام الف وثلاثمائة و ثلث وعشرین من ھجرة من اتم الحجة واوضح المحجة علیہ من الصلوات اکملھا ومن التسلیمات افضلھا، واظنہ ناشئا من بعض الوھابیة الذین قد سبّوا اللہ ورسولہ جلّ وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سبّا واشاعوا بذلک فی الھند کتبًا۔ وذلک لان السُّنّی ان احتاج ھھنا ان یسأل علما۔ فھذا بلد اللہ الامین ممتلیٔ بحمد اللہ عِلما وعُلماء فمن کان عند البحار الزواخر۔ فما مضیہ الی نھر فی الاخر علا ان ساداتنا علماء مکة المکرمة حفظھم اللہ تعالیٰ قد شرحوا مسئلة علمہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وسائر المسائل التی یخالف فیھا الوھابی الاظلم لا مرة ولا

درود و سلام) سب سے بڑا چھینٹا اور عظیم تر چلو ہیں اس غیر متناہی سمندر یعنی علم الٰہی سے تو حضور اپنے رب سے مدد لیتے ہیں اور تمام جہاں حضور سے مدد لیتا ہے تو اہل عالم کے پاس جو کچھ علوم ہیں وہ سب حضور کے علم ہیں اور حضور کے سبب ہیں اور حضور کی سرکار سے آئے اور حضور سے اخذ کیے گئے ہے

رسول اللہ تجھ سے مانگتا ہے ہر بڑا چھوٹا ۔۔۔ تیرے دریا سے چلو یا تیرے باراں سے اک چھینٹا

ترے آگے کھڑے ہیں اپنی حد پر تیرے علموں سے ۔۔۔ کوئی نقطہ ہی پر ٹھہرا کوئی اعراب پڑھ سکا

اللہ تعالیٰ ان پر درود و سلام بھیجے اور ان کے آل و اصحاب پر اور برکتیں اور اعزاز نازل فرمائے۔ الٰہی ایسا ہی کر۔ حمد و نعت کے بعد کہ اس اثنا میں کہ میں مکہ معظمہ میں مقیم تھا میرے پاس علم سرور عالم علیہ و آلہ و صحبہ افضل الصلاۃ والسلام کے بارے میں بعض ہندیوں کی طرف سے پیر کے دن عصر کے وقت پچیس۲۵ ذی الحجہ ۱۳۲۳ھ کو ان کی ہجرت سے جنھوں نے حجت تمام فرمائی اور راہ حق روشن کر دی ان پر سب سے کامل تر درود میں اور سب سے افضل تر سلام) ایک سوال آیا اور میرے گمان میں ان بعض وہابیہ کا اٹھایا ہوا ہے جنھوں نے دل کھول کر اللہ و رسول جل و علا و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گالی دی اور ہندوستان میں اس کی کتابیں شائع کیں۔ یہ اس لئے کہ یہاں اگر کسی سنی کو کسی مسئلہ کی حاجت ہو علما سے دریافت کرنے کی تو یہ اللہ کا امان والا شہر ہے بحمد اللہ تعالیٰ علم و علما سے بھرا ہوا ہے۔ جو چھلکتے دریاؤں کے پاس ہو ایک پس ماندہ نہر کے پاس اُس کا کیا جانا۔ علاوہ بریں ہمارے سرداروں علمائے مکہ مکرمہ نے (اللہ تعالیٰ ان کی حفاظت فرمائے) علم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مسئلہ اور باقی جتنے مسائل میں ستمگار وہابی خلاف کرتا ہے ایک دو بار نہیں بارہا مشرح بیان فرمایا ہے اور زنگ چھوڑا دی اور زینت بخشی اور عیب مٹا دیا اور وہابیہ پر موت قائم فرما دی۔

اور یہ بندۂ ضعیف اپنے قوی و لطیف رب کے فضل سے باپ دادا سے جھکتی

مرتین۔ وقد کشفوا الرین۔ وافادوا الزین۔ وابادوا الشین۔ واقاموا علی الوھابیۃ الحین۔ وھذا العبد الضعیف بفضل ربہ القوی اللطیف۔ ابأعن جدٍ فی خدمۃ السنۃ الزاھراء۔ مقیم علی الوھابیۃ الطامۃ الکبری۔ صنف کتبا تزید علی ماتین[1]۔ ودعا کبراء ھم الی المناظرۃ لاکرۃ ولا کرتین فما احار احد منھم جوابا۔ وبھت الذین کانوا یسبون نبینا سبابا۔ وکانوا ینسبون الی ربنا کذبا کذابا فھربوا وتبددوا۔ وماتوا۔ وخمدوا۔ ومن بقی منھم فسترون انشاء اللہ تعالیٰ ان یموت۔ حائرا بائرا و ھو اخرس مبھوت۔ فھذا ما یغیظھم وقد علموا انی بمکۃ منقطع عن کتبی مشتغل بزیارۃ بیت ربی۔ مستعجل الی بلد مولای وحبیبی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فاثاروا ھذا السؤال۔ طمعا منھم ان یمنعنی الاستعجال۔ وشغل البال وفقدان الکتاب۔ عن ابانۃ الجواب۔ فیکون فی ذٰلک عید لھم ومسرۃ۔ ونوع عوض عما اصابھم من المعرۃ ان سکتُّ ایضا مرۃ کما اسکتُّ کبراء ھم الف مرۃ۔ وجھلوا ان ھذا الدین المتین مامون۔ وکل من ینصرہ منصور ومصون۔ وانما امر اللہ اذا اراد شیئاً ان یقول لہ کن فیکون۔ فھذا ما فھمت من ھذا السؤال۔ والعلم بالحق عند ذی الجلال۔ فاحسن تقسیم الجواب الی قسمین قسم للسائل المستفید۔ واخر علی الصائل العنید۔ لیصل کلاً

[1] ۔ فی الرد علی الوھابیۃ والان قد بلغت بحمد اللہ اربعمائۃ منھا فتاوٰی فی اثنی عشر مجلد ا کبار

سنت کی خدمت میں ہے۔ اور وہابیہ پر قیامت قائم کئے ہوئے ہے۔ میں نے
دو سو سے[1] زیادہ کتابیں تصنیف کیں اور ان کے بڑوں کو دو چار دفعہ نہیں بلکہ
بکثرت دعوت مناظرہ دی تو ان میں سے کسی نے لوٹ کر جواب نہ دیا اور مبہوت ہو کر
رہ گئے وہ جو ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دشنام دیتے تھے اور ہمارے رب
عزوجل کی طرف اپنے جھوٹ سے کذب نسبت کرتے تھے تو وہ بھاگے اور لوگ
دم گئے اور مر گئے اور بجھ گئے اور جو ان میں باقی رہا ہے تو عنقریب انشاء اللہ تعالیٰ
دیکھو گے کہ اسی حال میں مر جائے گا۔ حیران ہلکان گونگا بدحواس تو یہ وہ بات ہے
جو انھیں غیظ دلا رہی ہے اور انھوں نے جانا کہ میں مکہ معظمہ میں اپنی کتابوں سے
جدا ہوں اور بیت اللہ کی زیارت میں مشغول اور اپنے مولیٰ و محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
کے شہر کی جانب جانے کی جلدی ہے تو انھوں نے یہ سوال اٹھایا اس طمع پر کہ یہ جلدی
اور اس دھیان میں دل کا لگا ہونا اور کتابیں پاس نہ ہونا مجھے اظہار جواب سے روک دے گا
تو اس میں اُن کو عید اور خوشی ہو جائے گی اور وہ مصیبت جو ان پر پڑی اس کا ایک
طرح کا بدلہ ہو جائے گا کہ میں بھی ایک بار چپ رہا جیسا کہ میں نے ان کے بڑوں کو ہزار
بار چپ کر دیا اور نہ جانا کہ یہ دین متین امان میں ہے اور جو کوئی اس کی مدد کرے
منصور و محفوظ ہے اور اللہ کا کام یوں ہی ہے کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ فرماتا ہے تو اس
سے فرماتا ہے ہو جا۔ وہ فوراً ہو جاتی ہے تو اس سوال سے جو میں سمجھا وہ یہ ہے اور حق
کا علم اس عزت والے کو تو بہتر یہ ہے کہ جواب کے دو حصے کئے جائیں۔ ایک حصہ سائل
کے لئے جو فائدہ طلب کرتا ہو اور دوسرا اہٹ دھرم حملہ کرنے والے پر کہ ہر ایک کو
وہ پہنچے جس کے وہ لائق ہے اور ہر ایک کو ایسا جواب دیا جائے جس کے وہ قابل ہے

---

[1] یعنی وہابیہ کے رد میں ورنہ بحمدہ تعالیٰ چار سو سے زائد ہیں۔ جن میں سے فتاوائے مبارک
بڑی تقطیع کے بارہ ضخیم مجلدوں میں ہے ۱۲ حامد رضا غفرلہ

مايستاهله ويجاوب كلّ بما هو اهله۔

القسم الاول

فی کشف الحجاب عن وجه الصواب۔ فی هذا الباب وفیه انظار تنتقی اللباب۔ **النظر الاول** اعلم ان مدارك الامر ومناط النجاة الایمان بالکتاب کله وما ضل اکثر من ضل الا انهم یؤمنون ببعض الکتاب ویکفرون ببعض کالقدریة امنوا بقوله تعالٰی "وما ظلمنٰهم ولکن کانوا انفسهم یظلمون" وکفروا بقوله تعالٰی "والله خلقکم وما تعملون" والجبریة امنوا بقوله تعالٰی "وما تشاؤن الا ان یشاء الله رب العٰلمین" وکفروا بقوله تعالٰی "ذٰلك جزینٰهم ببغیهم وانا لصٰدقون" والخوارج امنوا بقوله تعالٰی "وان الفجار لفی جحیم یصلونها یوم الدین" وکفروا بقوله تعالٰی "ان الله لا یغفر ان یشرك به ویغفر مادون ذٰلك لمن یشاء" ومرجئة الضلال امنوا بقوله تعالٰی "لا تقنطوا من رحمة الله ان الله یغفر الذنوب جمیعا انه هو الغفور الرحیم" وکفروا بقوله تعالٰی "من یعمل سوء یجزبه" وامثال ذلك کثیر۔ وفی کتب الکلام شهیر۔ والقران العظیم الذی نص انه "لا یعلم من فی السمٰوات والارض الغیب الا الله" نص ایضا انه "لا یظهر علی غیبه احدا الا من ارتضی من رسول" وقال "وما کان الله لیطلعکم

پہلا حصّہ

اس مسئلہ میں چہرۂ حق سے پردہ کشائی میں اور اس باب میں چند نظریں ہیں کہ مغز سخن چن لیں **نظر اول** آگاہ ہو کہ امر دین کا مدار اور وہ جس پر نجات موقوف ہے پورے قرآن عظیم پر ایمان لانا ہے تو اکثر گمراہ یوں ہی گمراہ ہوئے کہ بعض آیتوں پر ایمان لائے اور بعض سے منکر ہو بیٹھے جیسے قدریہ (کہ اپنے آپ کو خود اپنے افعال کا خالق جانتے ہیں) اس آیت پر تو ایمان لائے کہ "ہم نے ان پر ظلم نہ کیا بلکہ وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں۔" اور اس آیت سے منکر ہو بیٹھے کہ "اللہ تمھارا بھی خالق ہے اور تمھارے اعمال کا بھی" اور جبریہ (کہ انسان کو پتھر کی طرح مجبور جانتے ہیں) اس آیت پر ایمان لائے "تم کیا چاہو مگر یہ کہ چاہے اللہ جو مالک ہے سارے جہان کا" اور اس آیت کے منکر ہوئے "یہ ہم نے اُن کی سرکشی کا بدلہ دیا اور بے شک ہم ضرور سچے ہیں۔" اور خارجی (کہ مرتکب کبیرہ کو کافر کہتے ہیں) اس آیت کریمہ پر ایمان لائے کہ "بے شک فاجر لوگ ضرور جہنم میں ہیں قیامت کے دن اس میں جائیں گے" اور اس آیت کے منکر ہوئے کہ "بے شک اللہ کفر کو نہیں بخشتا اور اس کے نیچے جتنے گناہ ہیں جسے چاہے بخش دیتا ہے۔" اور گمراہ مرجیہ (جو کہتے ہیں کہ مسلمان کو کوئی گناہ ضرر نہیں دیتا) اس آیت پر ایمان لائے۔ کہ "اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو بے شک اللہ سب گناہ بخش دیتا ہے بے شک وہی ہے بخشنے والا مہربان" اور اس آیت کے منکر ہوئے کہ "جو کوئی بُرا کام کرے گا اسے بدلہ دیا جائے گا۔ اور اس کی مثالیں اور بہت ہیں۔ اور کتب کلام میں مشہور۔ اور وہ قرآن عظیم جس نے نص فرمایا کہ "زمین آسمان والوں میں کوئی غیب نہیں جانتا سوائے خدا کے" اسی نے یہ بھی صاف فرمایا کہ "اللہ مسلط نہیں کرتا اپنے غیب پر کسی کو سوا اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔" اور یہ بھی فرمایا کہ اے

علی الغیب ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء" وقال "وما هو علی الغیب بضنین" وقال وعلمك ما لم تکن تعلم وکان فضل اللہ علیك عظیما" وقال تعالیٰ "ذلك من انباء الغیب نوحیه الیك وما کنت لدیهم اذ اجمعوا امرهم وهم یمکرون" وقال تعالیٰ "ذلك من انباء الغیب نوحیه الیك وما کنت لدیهم اذ یلقون اقلامهم ایهم یکفل مریم وما کنت لدیهم اذ یختصمون" وقال تعالیٰ "تلك من انباء الغیب نوحیها الیك" الیٰ غیر ذلك من الایات فهذا ربنا تبارك وتعالیٰ قد نفی نفیا لا مرد له واثبت اثباتا لا ریب فیه فالکل حق والکل ایمان۔ ومن انکر شیئا منها فقد کفر بالقران فمن نفی مطلقا ولم یثبت بوجه فقد کفر بایات الاثبات ومن اثبت مطلقا ولم ینف بوجه فقد کفر بالایات النافیات والمؤمن یؤمن بالکل۔ ولا تتفرق به السبل وهما لا یمکن لهما مورد واحد۔ فوجب الفحص عن الموارد۔

فاقول:۔ وبحول ربی احول۔ وفی میدان التحقیق اجول وعلی من لبس ودلس اصول۔ ان للعلم قسمۃ[1] بحسب المصدر وقسمۃ بحسب المتعلق بفتح اللام وتنشعب منها قسمۃ اخریٰ بحسب وجه التعلق اما الاولیٰ فهی ان العلم اما ذاتی[1] ان کان مصدرہ ذات العالم لا مدخل فیه لغیرہ عطاء و

---

[1] لله در المؤلف فی هذا التقسیم المشتمل علی غایۃ التبیین والتفهیم الذی لم یبق معه غبار فی الفرق بین علم اللہ وعلم العباد وازاح به

لوگو اللہ اس لئے نہیں کہ تم کو غیب پر مطلع کر دے۔ ہاں اللہ اپنے رسولوں میں سے جسے چاہے چُن لیتا ہے" اور یہ بھی فرمایا کہ "وہ (یعنی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) غیب پر بخیل نہیں" "جو غیب وہ بتائیں اس میں ان پر غلطی کی تہمت نہیں" اور یہ بھی فرمایا کہ "اے نبی اللہ نے تمھیں سکھایا جو کچھ تم نہ جانتے تھے اور اللہ کا فضل تم پر بہت بڑا ہے" اور یہ بھی فرمایا کہ "یہ غیب کی خبریں ہیں جو ہم تمھاری طرف وحی کرتے ہیں اور تم ان کے پاس نہ تھے جب انھوں نے اپنے کام پر ایکا کیا اور یوسف کے ساتھ داؤں کھیلے" اور یہ بھی فرمایا کہ "یہ غیب کی خبریں ہیں جن کی وحی ہم تمھاری طرف بھیجتے ہیں اور تم اُن کے پاس نہ تھے جب وہ اپنے قلموں کا قرعہ ڈالتے تھے کہ ان میں کون مریم کی پرورش کرے اور تم ان کے پاس نہ تھے جب وہ جھگڑ رہے تھے" اور یہ بھی فرمایا کہ "یہ غیب کی خبریں ہیں جن کی وحی ہم تمھاری طرف بھیجتے ہیں۔ اور ان کے سوا اور آیتیں۔ تو یہ ہے ہمارا رب تبارک وتعالیٰ جس نے نفی بھی ایسی کی کہ ٹل نہیں سکتی اور ثابت بھی ایسا کیا جس میں شبہہ نہیں تو نفی واثبات دونوں حق ہیں دونوں ایمان ہیں اور ان دونوں میں سے جو کوئی کسی بات کا انکار کرے اس نے قرآن کا انکار کیا تو جو غیر خدا سے علم غیب کی مطلقًا ایسی نفی کرے کہ کسی طرح ثابت ہی نہ مانے وہ ان آیتوں سے کفر کر رہا ہے جو ثابت فرماتی ہیں اور جو مطلقًا اس طرح ثابت کرے کہ کسی وجہ سے نفی مانے ہی نہیں وہ ان آیتوں سے کفر کرتا ہے جو نفی فرماتی ہیں اور مسلمان سب پر ایمان لاتا ہے اور وہ مختلف راہوں میں نہیں پڑتا۔ اور نفی واثبات دونوں ایک جگہ پر توارد ہو نہیں سکتے تو ان کے جدا جدا مورد تلاش کرنا واجب ہوا۔ تو میں کہتا ہوں اپنے رب کی قوت پر جنبش اور میدان تحقیق میں جولان کرتا ہوں اور اس پر جس نے دھوکا دیا اور فریب کیا وار کرتا ہوں کہ علم کی ایک تقسیم[1] اس کے مصدر کے

---

[1] اس تقسیم میں مصنف کی خوبیاں اللہ کے لئے ہے نہایت واضح اور خوب سمجھا دینے والے بیان پر حاوی ہے جس سے کوئی غبار تفرقہ علم الٰہی وعلم عباد میں باقی نہ رہا اور کم فہموں کو عبارات اہل سنت

الاسببیا واما عطائی اذا کان بعطاء غیرہ فالاول مختص بالمولیٰ سبحنہ وتعالیٰ لایمکن لغیرہ ومن اثبت شیئاً منہ ولو ادنی من ادنی من ادنی من ذرۃ لاحد من العلمین فقد کفر واشرک وبار وھلک ۔ والثانی مختص بعبادہ عزجلالہ لاامکان لہ فیہ ومن اثبت شیئاً منہ للہ تعالیٰ فقد کفر واتی بما ھو اخنع واشنع من الشرک الاکبر ۔ لان المشرک من یسوی باللہ غیرہ وھذا جعل غیرہ اعلیٰ منہ حیث افاض علیہ علمہ وخیرہ

(بقیہ حاشیہ صفحہ) ما قد یتوھمہ القاصرون من عبارات اھل السنۃ والتحقیق ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یعلم الغیب من المساواۃ المبینۃ علی عدم التدبر فی کلامھم رضی اللہ تعالیٰ عنھم قیاما انورمن کلام وارشقہ من استدلال یتلالؤ ھکذا ھکذا والا فلا لا اھ کتبہ العبد الفقیر حمدان الونیسی المالکی المدرس بالحرم النبوی الشریف غفراللہ لہ امین مدنیہ حمدانیہ ھذا اول الحواشی التی شرف بھا کتابی علامۃ المغرب فضیلۃ مولینا حمدان (احمد سعیہ الرحمن امین) والحمد للہ رب العلمین اھ منہ حفظہ ربہ تعالیٰ الردعلی غایۃ المعمول

لہ ھذا التقسیم واضح جلی نطق بہ علماء الاسلام فی غیر ما موضع وفی نفس مسألتنا ھذہ مسألۃ علم الغیب وسیأتی عن الامام الاجل ابی زکریا النووی والامام ابن حجر المکی التصریح بان المنفی عن الخلق ھو العلم الاستقلالی والعلم المحیط الکلی ولکن العجب ممن یومن بصحۃ ھذہ التقسیمات ثم یدندن علیھا بانھا وان کانت صحیحۃ فی نفسھا لکنھا من التدقیقات الفلسفیۃ التی لا یعتبرھا علماء الشرع وارباب العقول السلیمۃ فی فھم معانی الکتاب والسنۃ الی ان ادعی ان فی ذلک ایقاعا للمسلمین فی حیرۃ عظیمۃ وحلا لعری الدین الوثیقۃ ثم لم یلبث الا قلیلا ان جاء بالنقل المذکور عن الامامین الجلیلین النووی وابن حجر وحملھما العلم فی ایات النفی علی العلم

اعتبارات ہے (جہاں سے وہ صادر ہوا) اور دوسری تقسیم اس کے متعلق بفتح لام کے اعتبار سے ہے جس سے وہ متعلق ہوا اور ان سے ایک اور تقسیم نکلتی ہے اس اعتبار سے کہ تعلق کس طرح کا ہوا۔ پہلی تقسیم تو یہ ہے کہ علم یا تو ذاتی ہے جب کہ نفس ذات عالم سے صادر ہو

اور اس تحقیق نے ... حق کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو علم غیب تھا، خدا کے ساتھ برابری کا جو وہم ناشی کلام کی بنا ... سے بالکل دور کردیا تو کیا ہی روشن کلام اور کیا لطیف استدلال ہے یوں ہی ہے یونہی ہے ورنہ یہ نہیں تو کچھ نہیں تحریر کردیئے۔ بندۂ فقیر حمدان ونیسی مالکی مدرس حرم نبوی اللہ اس کی مغفرت فرمائے الٰہی یوں ہی کر۔ یہ حاشیہ حمدانیہ مدینۂ طیبہ کے ان حواشی میں سے پہلا حاشیہ ہے جن سے میری کتاب کو علامہ ملک مغرب مولٰنا حمدان نے (رحمٰن اُن کی سعی محمود فرمائے) شرف بخشا اور سب خوبیوں کو سراہا پروردگار عالم۔ ۱۲ منہ غفرلہ حدیدہ رد غایۃ المعول

۲ھ یہ تقسیم واضح و روشن ہے۔ علمائے اسلام نے متعدد جگہ اسے ارشاد کیا اور خود ہمارے اسی مسئلہ علم غیب میں اسے ذکر فرمایا اور عنقریب بڑے جلیل القدر امام ابوزکریا نووی و امام ابن حجر مکی سے تصریح آتی ہے کہ مخلوق سے نفی علم ذاتی و علم محیط کلی کی ہے۔ لیکن اچنبا اس سے ہے کہ جو ان تقسیموں کی صحت کا معتقد ہے وہی ان پریوں گنگناتا ہے کہ وہ اگرچہ فی نفسہ صحیح ہیں لیکن فلاسفہ کی ان موشگافیوں کا نتیجہ ہیں۔ جن کا علمائے دین کریم اور ارباب عقل سلیم فہم معانی قرآن عظیم و احادیث نبی رؤف رحیم علیہ الصلاۃ والتسلیم میں اعتبار نہیں کرتے۔

حتی ... دعویٰ کردیا کہ اس میں مسلمانوں کو حیرت عظیم میں ڈال دینا اور دین الٰہی کی مضبوط رسی کو کھول کر تار تار کرنا ہے۔ پھر ذرا سے ہی توقف میں خود ہی نقل مذکور انھیں دونوں اماموں علامہ نووی و ابن حجر ... سے لے آیا۔ حالانکہ انھوں نے آیات نفی میں علم کو علم مستقل بالذات وعلم محیط کل پر محمول کہا۔ تو گویا اس کے نزدیک یہ دونوں امام نہ علمائے دین سے تھے، نہ عقل سلیم والوں میں تھے اور انھوں نے مسلمانوں کو عجیب حیرت میں ڈال دیا اور خدا کی پناہ دین کی جبل متین کو کھول کر تار تار کردیا وہ اگر ایسے تھے (اللہ انھیں اس سے محفوظ رکھے) تو ان سے کیوں استناد کیا انھیں دین کا امام بنا کر کیوں ان کا کلام سند میں پیش کیا اور نہیں ہے بدی سے پھیرنا اور نہ نیکی کی طاقت مگر عظمت والے خدا کی توفیق سے ۱۲ منہ مدظلہ

لے جان لو کہ وہ چیز جو بہ سبب غیر کے ہوگی تو ضرور غیر کی دین ہی سے ہوگی کیونکہ غیر کی سببیت کو صرف مخلوق ہی کے علوم میں دخل ہے اور وہ سب کے سب بعطا الٰہی ہیں مثلاً استاد شاگرد کے علم کا سبب

واما الثانية فهی ان العلم علمان مُطلق العلم واعنی به المصدق الاصولی الّذی یقتضی اثباته ثبوت فرد ما ویقتضی نفیه بانتفاء جمیع الافراد وهو الفرد المنتشر والطبیعة المتمکنة من ای فرد شاء نئ کما حققه خاتمة المحققین۔ سیدی الوالد قدس سرہ الماجد فی کتابه المستطاب اصول الرشاد لقمع مبانی الفساد فالقضیة الایجابیة هٰهنا موجبة جزئیة تعم الکلیة والسلبیة سالبة کلیة والعلم المطلق واعنی به مؤدی اداة العموم والاستغراق الحقیقی الذی لایثبت الا بثبوت جمیع الافراد وینتفی بانتفاء فرد ما فالموجبة هٰهنا کلیة والسالبة جزئیة ویتنوع هذا التعلق الی وجهین جهة الاجمال وجهة التفصیل بحیث یمتاز فیه کل معلوم وینحاز فیه کل مفهوم اعنی ما علمهٗ العالم کلا او بعضا فهی اربعة اقسام

مطلب: معلومات اللّٰہ تعالیٰ غیر متناهیة فی غیر متناهیة لا یمکن حصول مثلها لمخلوق۔

(بقیه … صفحه …) المستقل والمحیط فکانهما لم یکونا عنده من علماء الشریعة ولا من ارباب العقول السلیمة واوقعا المسلمین فی حیرة عظیمة وحلة معاذ اللّٰه عری الدین الوثیقة فان کانا کذلک اجارهما اللّٰه عن ذلک افلم یحتج بهما ویستند بکلامهما جاعلا ایاهما من ائمة الدین ولا حول ولا قوة الا باللّٰه العلی العظیم اھ منه حفظه ربه مدنیه

؎۲ اعلم ان ما کان بسبب من غیرہ لابدّ ان یکون بعطاء غیرہ فان سببیة الغیر لا مدخل لها الا فی علوم الخلق وهی جمیعاً بعطاء اللّٰه تعالیٰ فالشیخ مثلا سبب فی التلمیذ والمعطی هو اللّٰه سبحٰنه فلا یتصور ما یکون بسبب غیرہ لا بعطاء غیرہ حتی یکون واسطة بین القسمین تتثبت اھ منه حفظه ربه جدیدہ

اس کے غیر کو اس میں کچھ دخل نہ ہو نہ یوں کہ غیر کی عطا سے ہو نہ یوں کہ غیر اس میں کسی طرح سبب پڑے۔ اور یا عطائی ہے جب کہ غیر کی عطا[1] سے ہو۔ پہلی قسم مولیٰ سبحانہ وتعالیٰ کے ساتھ خاص اُس کے غیر کے لئے محال ہے اور جو اس میں سے کوئی حصہ جہان بھر میں کسی کے لئے ثابت کرے اگرچہ ایک ذرہ سے کمتر سے کمتر وہ یقیناً مشرک ہے اور تباہ و برباد ہوا اور دوسری قسم مولیٰ تعالیٰ کے بندوں کے ساتھ خاص ہے۔ اللہ کے لئے ممکن نہیں اور جو اس طرح کا کوئی علم اللہ تعالیٰ کے لئے ثابت کرے وہ کافر ہوا اور ایسی چیز لایا جو شرک اکبر سے بھی زیادہ خبیث وشنیع ہے اس لئے کہ مشرک تو وہ ہے جو اللہ کے برابر دوسرے کو جانے اور اس نے غیر خدا کو خدا سے برتر سمجھا کہ اس نے اپنے علم و ہنر کا فیض خدا کو پہنچا دیا۔ دوسری تقسیم یہ ہے کہ علم دو قسم کا ہے۔ ایک مطلق علم اور اس سے میری مراد وہ مطلق ہے جو علم اصول کی اصطلاح ہے جس کا ثابت کرنا کسی ایک فرد کا ثبوت چاہتا ہے اور نفی کرنا کل افراد کی نفی بتاتا ہے اور یہ مطلق یا تو فرد غیر معین ہے۔ یا نفس ماہیت جو کسی فرد میں ہو کر پائی جائے جیسا کہ اس کی تحقیق خاتمہ محققین حضرت والد ماجد قدس سرہ الماجد نے اپنی کتاب مستطاب اصول الرشاد لقمع مبانی الفساد میں فرمائی تو قضیہ موجبہ یہاں موجبہ جزئیہ ہے کہ موجبہ کلیہ کو عام ہے اور قضیہ سالبہ سالبہ کلیہ ہے۔

دوسری علم مطلق[2] اور اُس سے میری مراد وہ ہے جو عموم و استغراق حقیقی کا مفاد ہے جس کا ثبوت نہیں ہوتا جب تک جملہ افراد موجود نہ ہوں اور صرف کسی ایک فرد کی نفی سے منتفی ہو جاتا ہے تو موجبہ یہاں کلیہ ہو گا اور سالبہ جزئیہ اور یہ علم کا تعلق دو وجہ پر ہوتا ہے ایک اجمال دوسرے تفصیل کہ جس میں ہر معلوم جدا اور ہر [illegible] دوسرے

---

[1] اور معطی وہی اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہے تو [illegible] نہیں کہ جو سبب غیر ہو بعطائے غیر نہ ہو تا آنکہ دونوں قسموں کے درمیان واسطہ نکلے تو اسی پر جمے۔ ہو ۱۲ منہ حفظہ ربہ

[2] دیکھو ان کا رسالہ [illegible]

واحد منها مختص باللہ سبحٰنہ وتعالیٰ وهو العلم المطلق التفصیلی المدلول بقوله تعالیٰ وكان الله بكل شیٔ علیما فان ربنا تبارک وتعالیٰ یعلم ذاته الكریمة وصفاته الغیر المتناهیة والحوادث التی وجدت والتی توجد غیر متناهیة الی ابد الابد والممكنات التی لم توجد ولن توجد بل والمحالات باسرها فلیس شیٔ من المفاهیم خارجا عن علمه سبحانه و تعالیٰ بعلمها جمیعا تفصیلا تاما ازلا ابدا وذاته سبحانه وتعالیٰ غیر متناهیة وصفاته غیر متناهیات وكل صفة منها غیر متناهیة وسلاسل الاعداد[1] غیر متناهیة وكذا[2] ایام الابد

---

[1] اذا سئلنا عن ایام الابد وما ذکر بعدها هل یعلم المولیٰ سبحٰنہ وتعالیٰ عددها فان قیل لا فما اشنع هذا النفی وان قیل نعم لزم تناهی تلك الاشیاء لان العدد المعین لا یعرض الا للمتناهی لانه محصور بین حاصرین ولانه لا یزید علی ما قبله الا بواحد وكذا هو اعلیٰ ما قبله

وهکذا الی الواحد والزائد علی متناه بمتناه متناه بل یقال کما فی الفتاوے السراجیه ان المولیٰ سبحٰنہ وتعالیٰ یعلم ان لا عدد لها اقول وهذه رعایة ادب کما اشرت الیه والا فعلم عدد ما لا عدد له جهل یجب نفیه فلو اختیر الشق الاول لم یکن الا کقوله عزوجل ویقولون هؤلاء شفعاؤنا عند الله قل اتنبئون الله بما لا یعلم فی السمٰوات ولا فی الارض سبحٰنہ وتعالیٰ عما یشرکون ام منه حفظه جدیده

[2] بل اقول هذا المعلوم وحده من معلوماته سبحٰنہ غیر متناه فی غیر متناه فضلا عن المعلومات الاخر والیه اشرت بقولی سلاسل بالجمع وذلك لان واحد اثنین ثلاثة الخ غیر متناه وان اخذنا الافراد واحد ثلاثة خمسة الخ فغیر متناه وان اخذنا الازواج اثنین اربعة ستة الی اخره فغیر متناه وان اخذ من الواحد بفضل مثنیٰ واحد اربعة سبعة عشرة الخ فغیر متناه - ومن الاثنین

سے ممتاز ہو۔ یعنی عالم کو جتنی معلومات ہوں کل یا بعض، تو اس دوسری تقسیم میں
یہ چار قسمیں ہیں۔ ان میں سے ایک اللہ سبحٰنہ وتعالیٰ کے ساتھ خاص ہے اور
وہ علم مطلق تفصیلی ہے جس پر یہ آیۂ کریمہ دلالت کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر شے
کا جاننے والا ہے۔ اس لئے کہ ہمارا رب تبارک وتعالےٰ اپنی ذاتِ کریم
اور اپنی غیر متناہی صفتوں اور ان سب حادثوں کو جو موجود ہو لئے اور اُن کو جو
ابد کے ابد تک موجود ہوتے رہیں گے اور تمام ممکنات کو جو نہ کبھی موجود ہوئے اور
نہ کبھی موجود ہوں بلکہ تمام محالات کو بھی ان سب کو جانتا ہے تو تمام مفہومات میں
سے کوئی چیز علم الٰہی سے باہر نہیں اُن سب کو پوری تفصیل کے ساتھ جانتا ہے
ازل سے ابد تک اور اللہ سبحٰنہ وتعالیٰ کی ذات غیر متناہی اور اس کی صفتیں
غیر متناہی اور ان میں ہر صفت غیر متناہی اور عدد کے سلسلے[1] غیر متناہی ہیں اور
ایسے ہی ابد کے دن اور اُس کی گھڑیاں اور اس کی آنیں اور جنت کی نعمتوں

---

[1] لطیفہ ایام ابد اور اُس کے مابعد کے مذکور کے متعلق جب ہم سے دریافت کیا کہ آیا مولیٰ عزوجل
اُن کا شمار جانتا ہے تو اگر نا کہا جائے تو کیسی سخت بدمزہ نفی ہے اور اگر ہاں کہا جائے تو ان
اشیاء کی تناہی لازم آئے کہ عدد معین عارض نہ ہوگا۔ مگر متناہی کو کہ وہ دو حدوں میں محدود ہے۔
نیز اس لئے کہ وہ اپنے پہلے سے صرف ایک عدد ہی زائد ہوگا اور یوں ہی وہ اپنے اگلے سے ایک تک
اور زائد تناہی پر بقدر متناہی، متناہی تو یوں کہا جائے گا جیسا کہ فتاوٰے سراجیہ میں ہے کہ
مولیٰ سبحٰنہٗ وتعالیٰ کو علم ہے کہ اس کے لئے کوئی عدد نہیں، میں کہتا ہوں یہ رعایت ادب ہے
جیسا کہ میں اس جانب اشارہ کر چکا۔ ورنہ جس کے لئے عدد نہیں اس کے لئے عدد جاننا جہل ہے
اور جہل کی نفی ضروری ہے تو پہلی شق اگر اختیار کی جائے تو نہ ہوگا مگر مثل ارشاد الٰہی جل علا "
کہتے ہیں۔ یہ ہیں ہمارے حمایتی اللہ کے پاس تم فرماؤ کیا خبر دیتے ہو اللہ کو اس کی کہ وہ نہیں
جانتے آسمانوں میں اور نہ زمین میں وہ پاک و برتر ہے شرک سے کہ وہ کرتے ہیں" اھ منہ غفرلہٗ عبدہٗ
[2] بلکہ میں کہتا ہوں یہی معلومات الٰہیہ سے غیر متناہی در غیر متناہی ہے جد ا بلکہ اس
کے دوسرے معلومات اور میں نے لفظ سلاسل بہ صیغہ جمع کہنے سے اُسی طرف اشارہ کیا اور

وساعاته وانا ته وكل نعيم من نعيم الجنة وكل عذاب من عقوبات جهنم وانفاس اهل الجنة واهل النار ولحاتهم

كذلك اثنين خمسة ثمانية احد عشر الخ نغير متناه او من الواحد بفصل ثلاثة ثلاثة واحد خمسة تسعة ثلاثة عشر الخ نغير متناه او من

الاثنين بفصل ثلث اثنين ستة عشرة اربعة عشر نغير متناه وهكذا بفصل الاعداد الغير المتناهية وكذا آن اخذ نا من كل عدد بضم مثله واحد اثنين اربعة ثمانية الخ نغير متناه او بضم مثليه واحد ثلاثة سبعة وعشرون الخ نغير متناه وكذا بثلاثة امثاله واربعة الى ما لا يتناهى وان شوتسنا ولم نراع نظاما فغير متناه فى غير متناه وان لم نراع الترتيب ايضا فغير متناه فى غير متناه وآن اخذنا الاموال واحد اربعة تسعة ستة عشر الخ نغير متناه والمكعبات واحد ثمانية سبعة وعشرين اربعة وستين الى اخره تذير متناه او اموال المال او اموال الكعب او كعوب الكعب الى ما لا يتناهى من القوى المتصاعدة فالكل غير متناه ويقابل كل ما ذكرنا سلاسل المتنازلات كالجذر وجزء الكعب وجزء مال المال الى ما لا نهاية له والكسور كالنصف والثلث والربع الى ما لا يتناهى والكل غير متناه و جميع تلك السلاسل الغير المتناهية فى غير المتناهية معلومات له سبحانه وتعالى ازلا ابدا تفصيلا تاما وما هى الا نوع واحد من انواع معلوماته الغير المتناهية فسبحان من جل عن ادراك العقول والافهام۔ وتعالى ان تصل الى سرادق عزه وجلاله التخيلات والاوهام۔ فله الحمد وعلى نبيه الكريم الصلاة والسلام عدد جميع معلومات ربنا ذى الجلال والاكرام اه منه حفظه ربه مكيه

سے ہر نعمت اور جہنم کے عذابوں سے ہر عذاب اور جنتیوں اور دوزخیوں کی سانسیں اور اُن کے پلک جھپکنا اور ان کی جنبشیں[1] اور ان کے سوا اور چیزیں یہ سب

بیوں کہ ۱۔۲۔۳۔ تا آخر غیر متناہی اور طاق اعداد ۱۔۳۔۵ تا آخریں تو بے نہایت اور جفت ۲۔۴۔۶ تا آخریں تو بے انتہا اور ایک سے چھوڑ کر لیے جائیں ۱۔۴۔۷۔۱۰ تا آخر تو بے نہایت یونہی دو سے ۲۔۵۔۸۔۱۱ تا آخر تو بے نہایت۔ یا ایک سے تین تین چھوڑ کر ۵۔۹۔۱۳ تا آخر تو بے نہایت یا دو سے تین تین کے فصل سے ۲۔۶۔۱۰۔۱۴۔ تو بے نہایت اور اسی طرح بفصل اعداد غیر متناہیہ اور یوں ہی ہر عدد سے اُسی جیسا ملا کر لیں ۱۔۲۔۴۔۸۔۱ لخ تو متناہی یا اس جیسے دو عدد ملا کر ۱۔۳۔۹۔۲۷۔۱ لخ تو نامتناہی اور ایسے ہی اس جیسے تین ملا کر یا چار تا بے نہایت۔ اور اگر انتشار کردیں اور کسی نظم خاص کی رعایت نہ کریں تو غیر متناہی اور غیر متناہی اور رعایت ترتیب نہ رکھیں تو بھی نامتناہی در نامتناہی اور اگر اموال لیں ۱۔۴۔۹۔۱۶۔۱ لخ تو نامتناہی اور مکعبات ۱۔۸۔۲۷۔۶۴ الیٰ آخرہ لیں تو نامتناہی اور اموال المال یا اموال الکعب یا کعب الکعب چڑھنے والی قوتوں میں سے تا بے نہایت لیں تو سب ہی نامتناہی اور ہر مذکورہ قوت متصاعدہ کے مقابل اترنے والی قوتوں کے سلسلے لیں۔ جیسے جذر اور جزر الکعب وجزر المال جس کی کوئی نہایت نہیں اور کسرین جیسے آدھا، تہائی، چوتھائی تا بے نہایت تو سب کے سب غیر متناہی اور سارے یہ سلسلے نامتناہی در نامتناہی۔ اللہ سبحٰنہ وتعالیٰ کی معلومات میں داخل اور ازل تا ابد پوری تفصیل کے ساتھ شامل اور یہ صرف ایک ہی نوع ہے اس کے غیر متناہی الانواع معلومات میں سے تو پاک ہے وہ جسے ادراک نہیں کر سکتے عقول وافہام وہ بلند و برتر ہے اس سے کہ اس کے سراپردۂ عزت وجلالت تک رسائی پائیں تخیلات و اوہام۔ تو اسی کے لئے ہیں ساری خوبیاں اور اس کے نبی پر درود و سلام بے شمار بجمیع معلومات الٰہی پر ودگار ذی الجلال والاکرام ۱۲ امنہ غفرلہ مکیہ

[1] دیکھو ان اشیاء کو نامتناہی ہی ہے نے نہ کیا [illegible] کہ عدد مخلوق موجود [illegible] احاطہ نہیں کر سکتا۔ تم پر کھل جائے گا جھوٹ اس مفتری کا جس نے مجھ پر یہ کہنے کا افترا کیا کہ احاطہ علم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سوا ذات وصفات کے کچھ مستثنیٰ نہیں تو نساید عدد [illegible]

وحرکاتهم[ل] وغیر ذلك کلها غیر متناهٍ والکل معلوم للّٰه تعالیٰ ازلا ابدا باحاطة تامة تفصیلیة ففی علمه سبحٰنه وتعالیٰ سلاسل غیر المتناهیات بمرات غیر متناهیة بل له[۲] سبحانه وتعالیٰ فی کل ذرة علوم لا تتناهی لان لکل ذرة مع کل ذرة کانت اوتکون اویمکن ان تکون نسبة بالقرب والبعد والجهة مختلفة فی الازمنة باختلاف الامکنة الواقعة والممکنة من اول یوم الی مالا اخرله والکل معلوم له سبحانه وتعالیٰ بالفعل فعلمه عزجلاله غیر متناه فی غیر متناه فی غیر متناه کانه مکعب غیر المتناهی علی اصطلاح الحساب ان العدد اذاضرب فی نفسه کان مجذورا فاذا ضرب المجذور فی ذلك العدد کان مکعبا و هذا جمیعا واضح عند کل من له من الاسلام نصیب و معلوم ان علم المخلوق لا یحیط فی ان واحد بغیر المتناهی کما بالفعل تفصیلا تاما بحیث یمتاز فیه کل فرد عن صاحبه امتیازا کلیا فانه لا یکون الا باللحاظ الیه بخصوصه واللحاظات الغیر المتناهیة لا تتأتی فی ان واحد فعلم المخلوق الحاصل بالفعل وان کثر ما کثر حتی یشمل کل ما[ل] فی العرش

ف الرد علی غایة المعمول

[ل] انظرالی هذه الاشیاء التی عددتها مما لا یتناهی وتصریحاتی ان علم المخلوق لا یحیط بشیء من الامور الغیر المتناهیة بالفعل یظهر لك کذب من افتری علی القول بان احاطة علمه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم لا یستثنی منه شیٔ غیر ذاته تعالیٰ وصفاته فلعل الاعداد والایام والساعات والانات والنعیم والعقاب والانفاس واللمحات والحرکات کل ذلك عندهم ذات اللّٰه تعالیٰ او صفاته نسأل اللّٰه العافیة ام منه حفظه ربه جدید[۲]

غیر متناہی ہیں اور یہ سب اللہ تعالیٰ کو ازل و ابد میں پوری تفصیلی احاطہ کے ساتھ معلوم ہیں تو اللہ تعالیٰ کے علم میں غیر متناہی کے سلسلے غیر متناہی بار ہیں۔ بلکہ[1] اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ کے لئے ہر ہر ذرہ میں غیر متناہی علم ہیں۔ اس لئے کہ ہر ذرہ کو ہر ذرہ سے جو ہو گزرا یا آئندہ ہوگا یا ممکن ہے کہ ہو کوئی نہ کوئی نسبت قرب و بعد و جہت میں ہوگی جو زمانوں میں بدلے گی ان مکانوں کے بدلنے سے جو واقع ہوئے یا ممکن ہے روز اول سے زمانہ نا محدود تک اور یہ سب اللہ عزوجل کو بالفعل معلوم ہیں تو مولیٰ تعالیٰ کا علم غیر متناہی در غیر متناہی در غیر متناہی ہے گویا وہ اہلِ حساب کی اصطلاح پر غیر متناہی کی تیسری قوت ہے جسے مکعب (یا کعب) کہتے ہیں۔ عدد جب اپنے نفس میں ضرب دیا جائے تو یہ مجذور ہوا اور جب مجذور کو اسی عدد میں ضرب دو تو مکعب ہوا اور یہ سب باتیں روشن ہیں ہر اس شخص کے نزدیک جو اسلام میں حصہ رکھتا ہے اور معلوم ہے کہ کسی مخلوق کا علم آن واحد میں غیر متناہی بالفعل کو پوری تفصیل کے ساتھ کہ ہر فرد دوسرے سے بروجہ کامل ممتاز ہو محیط نہیں ہوسکتا۔ اس لئے کہ امتیاز جب ہی ہوگا کہ ہر فرد کی جانب خصوصیت کے ساتھ لحاظ کیا جائے اور غیر متناہی لحاظ ایک آن میں نہیں حاصل ہو سکتے۔ تو مخلوق کا علم اگرچہ کتنا ہی کثیر و بسیار ہو یہاں تک کہ عرش و فرش میں

جو [illegible] نہیں نعیم جنت و عذاب دوزخ اور سانسیں پل جنبشیں سب اس کے نزدیک ذات صفات الٰہی ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے ہم طالبِ عافیت ہیں۔ ۱۲ منہ غفرلہ جدیدہ

[1] للہ الحمد یہ میں نے خود اپنی طرف سے اپنی قوت ایمانی سے لکھ دیا تھا پھر میں نے تفسیر کبیر میں اس کی تصریح دیکھی کہ زیر آیۂ کریمہ وکذلک نری ابراھیم فرماتے ہیں میں نے والد مرحوم حضرت امام عمر ضیاء الدین کو فرماتے سنا کہ میں نے سنا حضرت ابوالقاسم انصاری فرماتے تھے کہ میں نے امام الحرمین کو فرماتے سنا کہ معلومات الٰہیہ سب غیر متناہی ہیں اور ان معلومات میں سے بھی ہر ہر فرد کے متعلق غیر متناہی معلومات ہیں اس واسطے کہ جوہر فرد کا بدل بدل کر بے نہایت حیزوں میں پایا جانا ممکن اور اس کا بدل بدل کر غیر متناہی صفتوں سے متصف ہونا بھی ممکن الخ فرمایا اور حاصل ہونا معلومات غیر متناہیہ کا بدفعہ واحدہ عقول خلق میں محال ہے تو اب ان معلومات کے حاصل کرنے

(حاشیہ پر ہاتھ سے: الرد علی فاتح العلوم)

والفرش من اول یوم الی الیوم الاخر والوف الاف امثال ذلک لا یکون قط[1] الا متناهیا بالفعل لان العرش والفرش حدان حاصران واول یوم الی الیوم الاخر حدان اخران وما کان محصورا بین حاصرین لا یکون الا متناهیا نعم یصح فیہ عدم التناهی بمعنی لا تقف عند حد وھذا محال فی اللہ سبحانہ وتعالی

---

[1] الحمد للہ ھذا الذی کتبتہ من عندی ایمانا بربی ثم رایت التصریح بہ فی التفسیر الکبیر اذ یقول تحت کریمۃ وکذلک نری ابراھیم سمعت الشیخ الامام الوالد عمر ضیاء الدین رحمہ اللہ تعالی قال سمعت الشیخ ابا القاسم الانصاری یقول سمعت امام الحرمین یقول معلومات اللہ تعالی غیر متناھیۃ ومعلوماتہ فی کل واحد من تلک المعلومات ایضا غیر متناھیۃ وذلک لان الجوھر الفرد یمکن وقوعہ فی احیاز لا نھایۃ لھا علی البدل ویمکن اتصافہ بصفات لا نھایۃ لھا علی البدل الخ قال وحصول المعلومات التی لا نھایۃ لھا دفعۃ واحدۃ فی عقول الخلق محال فاذن لا طریق الی تحصیل تلک المعلوت الا بان یحصل بعضھا عقیب بعض لا الی نھایۃ ولا الی اخر فی المستقبل فلھذا السبب واللہ تعالی اعلم لم یقل وکذلک اریناہ ملکوت السموات والارض بل قال وکذلک نری ابراھیم ملکوت السموات والارض وھذا ھو المراد من قول المحققین السفر الی اللہ لہ نھایۃ واما السفر فی اللہ فانہ لا نھایۃ لہ واللہ تعالی اعلم اھ ١٢ منہ حفظہ ربہ مدنیہ

[2] قال العلامۃ الشھاب رحمہ اللہ تعالی تحت قولہ تعالی اعلم غیب السموات والارض واعلم ما تبدون وما کنتم تکتمون قال الطیبی رحمہ اللہ تعالی معلومات اللہ تعالی لا نھایۃ لھا وغیب السموات والارض وما یبدونہ وما یکتمونہ قطرۃ منہ ١٢ منہ جدیدہ

[3] قولہ قط الا متناھیا بالفعل انظر الی ھذہ التصریحات الجلیۃ وقد تکررت فی ھذا المبحث ان علم المخلوق لا یحیط بغیر المتناھی بالفعل واذا اذن قد فریۃ من افتروا علی القول باحاطتہ جمیع المعلومات التی لا تتناھی فالذی رد رد اصریحا بالغا علی حصول علم واحد من غیر المتناھیات

سے روز آخر تک اور اس کے کروروں مثل سب کو محیط ہوجائے جب[عہ] بھی نہ ہوگا مگر محدود بالفعل اس لئے کہ عرش و فرش دو کنارے گھیرنے والے ہیں اور روز اول سے روز آخر تک یہ دوسری دو حدیں ہوئیں اور جو چیز دو گھیرنے والوں میں گھری ہو وہ نہ ہوگی مگر متناہی۔ ہاں علم مخلوق میں بایں معنی غیر متناہی ہونا ٹھیک ہوسکتا ہے کہ آئندہ کسی حد پر اس کی روک نہ کردی جائے (ہمیشہ بڑھتا رہے) اور بایں معنی لا متناہی اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ کے علم میں محال ہے اس واسطے کہ اس کے علم اور اس کی سب صفتیں تو

کوئی سبیل نہیں الا یہ کہ بعض بعد بعض کے حاصل ہوں نہ نہایت تک اور نہ دوسرے تک مستقبل میں۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اسی سبب سے (اور اللہ خوب جاننے والا ہے) نہ فرمایا وکذالک اریناہ ملکوت السموات والارض بلکہ فرمایا "وکذالک نری ابراھیم ملکوت السموات والارض" اور یہی مراد ہے قول محققین سے کہ السفر الی اللہ لہ نہایۃ (یعنی اللہ کی جانب سفر کی نہایت ہے) اما السفر فی اللہ فانہ لانہایۃ لہ (لیکن سفر فی اللہ اس کی کوئی نہایت نہیں) واللہ تعالیٰ اعلم ۱۲ منہ مدینہ

لہ فرمایا علامہ شہاب الدین خفاجی رحمہ اللہ نے زیر آیت "اعلم غیب السموات والارض واعلم ما تبدون وما کنتم تکتمون" کہ فرمایا علامہ طیبی رحمہ اللہ نے کہ معلومات الٰہی بے نہایت ہیں اور سموات والارض کے غیوب اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں اور جو وہ چھپاتے ہیں اس کا ایک قطرہ ہے۔ ۱۲ منہ جدیدہ۔

عہ قولہ فقط الا متناھیا بالفعل الخ دیکھو یہ روشن تصریحیں اور وہ بھی بار بار اسی مبحث میں آئیں کہ مخلوق کا علم غیر متناہی بالفعل کا احاطہ نہیں کر سکتا اور اب انداز مفتریوں کے اس افترا کے مرتب کا کرو جنھوں نے مجھ پر اس کہنے کا بہتان باندھا کہ مخلوق کا علم جمیع معلومات غیر متناہیہ کو محیط ہے تو جس نے صریح رد بلیغ کیا ہو غیر متناہی بالفعل میں سے مخلوق کے لئے ایک علم کے بھی حاصل ہونے کا وہ کیونکر جمیع کے احاطہ کا قول کرے گا۔ اے کاش کہ انھوں نے سب سے یہ کہا ہوتا کہ میرے رسالہ میں نہیں یا ہاں کسی طرح کا اس مسئلہ سے مطلق تعرض نہ ہوتا تو اس وقت اس کی نسبت اگر ہوتی تو محض افترا ہی ہوتی۔ لیکن اب کہ میں اس

بالفعل للمخلوق كيف يقول باحاطة الجميع و ياليتهم تالوه ان لم يكن فى رسالتى
تعرض لهذه المسألة نفيا ولا اثباتا فما كانت نسبة اذ ذاك الا فرية اما وانا
صرحت بنفيه فى مواضع عديدة فالنسبة اذن مركبة من الفرية و العناد
والمكابرة واللداد - ولكن لا غرو اذ جلبت على ايدى الوهابية اهل الفساد
فانهم متعودون بامثال هذه الشنائع وهى عندهم من احسن البضائع
فظهر ان كل ما تكلمت به الرسالة على احاطة علم الخلق بما لا يتناهى
بالفعل نداء من بعيد ورد على وهم ما تصورته بل هى صورته
نسأل الله العفو والعافية
ام منه حفظه ربه جديدة

لان علومه وصفاته جميعا متعالية عن الحد فحصل ان اللا
تناهى الكلى مخصوص بعلوم الله تعالىٰ واللا تقفى مختص بعلوم
عباده ولا يحصل الاول لغيره اقول ولو قطعنا فيه النظر عما
مر لكفى برهانا عليه قوله تعالىٰ وكان الله بكل شئ محيطا و
ذلك ان ذاته تعالىٰ غير متناهية فلا يمكن لاحد من خلقه ان
يعلمها كما هو بحيث يصح ان يقال الان عرف الله تعالىٰ عرفانا تاما لم
يبق بعده فى المعرفة شئ فانه لو كان كذا لاحاط ذلك العلم
بذاته تعالىٰ فكان تعالىٰ محاطا له وهو متعالٍ عن ان يحيط
به احد بل هو بكل شئ محيط وانما يتفاضل العلماء بالله من
الانبياء والاولياء والصلحاء والمسلمين فى علمهم بالله فلا يزالون
يزدادون علما بعد علم الى ابد الاباد ولا[1] يقدرون من علمه
الا على القدر المتناهى ويبقى ابدا فيه ما لا يتناهى فثبت ان

---

[1] قوله ولا يقدرون من علمه الخ   عجبا ممن سمع هذا
ثم احتج لتنقيص علمه صلے الله تعالىٰ عليه وسلم بحديث الشفاعة فارفع

توپیدا ہونے سے برتر ہیں تو ثابت ہوا کہ غیر متناہی بالفعل ہونا اللہ تعالیٰ ہی کے علموں سے خاص ہے اور وہ عدم متناہی کہ بڑھنا کسی حد پر نہ رکے اس کے بندوں کے علم سے خاص ہے اور پہلا اس کے غیر کے لئے حاصل نہ ہوگا۔ **اقول:** اور اگر ہم تمام تقریر سے قطع نظر بھی کریں تو اس پر دلیل قاطع ہونے کے لئے یہ آیۂ کریمہ ہی بس ہے کہ اللہ ہر شے کو محیط ہے، اس لئے کہ ذات الٰہی محدود نہیں تو اس کی مخلوق میں کسی کو ممکن نہیں کہ اللہ عزوجل کو جیسا وہ ہے بتمام وکمال ایسا پہچان لے کہ یہ کہنا صحیح ہو جائے کہ اب اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل ہو گئی، جس کے بعد اس کی معرفت سے کچھ باقی نہ رہا اس لئے ایسا ہوتا تو یہ علم اللہ عزوجل کی ذات کو محیط ہو جاتا تو اللہ عزوجل اس کے احاطہ میں آجاتا اور وہ برتر ہے کہ اسے کوئی چیز احاطہ کرسکے بلکہ وہی ہر چیز کو محیط ہے اور اللہ عزوجل کو جاننے والے انبیا اور اولیا اور صالحین اور مومنین ان میں جو باہم مراتب کا فرق ہے وہ اللہ تعالیٰ کو جاننے ہی میں فرق کی بنا پر ہے (جو جتنا زیادہ جانتا ہے اتنا ہی زیادہ اس کا مرتبہ ہے) تو ہمیشہ ابدالآباد تک انھیں علم پر علم بڑھتا رہے گا اور کبھی اس کے علم میں سے قادر[1] نہ ہوں گے مگر قدر متناہی پر

کی نفی متعدد مواقع میں صراحۃً کرچکا تو اس کا منسوب کرنا مرکب ہے افترا و عناد و ہٹ دھرمی اور سخت خصومت سے لیکن اس کا کوئی اچنبھا نہیں کہ مفسد وہابیہ کے ہاتھوں ہوا کیونکہ وہ تو ایسی بہت سی اشاعتوں کے خوگر ہیں اور یہی ان کے پاس بہترین پونجی ہے تو کھل گیا کہ سالے نے جو کچھ علامہ علم خلق غیر متناہی بالفعل کے متعلق کلام کیا بےدور کی بیکار ہے اور اس وہم کا رد ہے جس کا اُس نے تخیل کیا بلکہ جس کی تصویر کشی خود اسی نے کی تھی۔ میں خدا سے طالب عفو وعافیت ہوں ۱۲ منہ جدید

[1] قولہ ولا یقدرون من علمہ الخ عجب اس سے جس نے یہ سنا پھر استناد کیا تنقیص علم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے حدیث شفاعت سے "تو میں سر اٹھاؤں گا اور اپنے رب کی حمد وثنا ایسی تحمید سے کروں گا جسے میرا رب مجھے سکھائے گا" تو کہا رص ۲ پر یہ ناطق ہے کہ اللہ تعالیٰ انھیں وہ سکھائے گا جس کا انھیں اس سے پہلے علم نہ تھا اور یہ احاطۂ مذکورہ کو باطل کر دیتا ہے۔ ۱۲ منہ

راسی فا ثنی علی ربی بثناء و تحمید یعلمنیہ قال فھذا ناطق بان اللہ یعلمہ
حینئذ ما لم یعلمہ قبل ذلک من الثناء وھذا یبطل الاحاطۃ المذکورۃ
وقد کان سمع قولنا من قبل ان ذاتہ سبحٰنہ وتعالیٰ غیر متناھیۃ و
صفاتہ غیر متناھیات وکل صفۃ منھا غیر متناھیۃ وان الغیر المتناھی بالفعل
مطلب: لایمکن لجمیع علوم المخلوقین نسبۃ ما فی الکم ایضا الی علم الخالق علے
ان لا کم لعلمہ تعالےٰ

احاطۃ احد من الخلق بمعلومات اللہ تعالیٰ علی جھۃ التفصیل
التام محال شرعا وعقلا بل لو جمع علوم جمیع العٰلمین اولا و اخرا

لا یتعلق بہ علم المخلوق فعلمہ صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم فی الاخرۃ بصفات اخر للہ تعالیٰ لم یعلمھا من قبل کیف یقدح
فی الاحاطۃ المذکورۃ فاستشعر ورود ذلک فاجاب بانہ۔ ان کان مرادک
انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ینطق حینئذ بکلام یدل علی کنہ ذات اللہ
تعالیٰ وحقیقۃ صفاتہ فھذا لا یصح واطال فی بیانہ بلا طائل اذ ھی
مسألۃ مسلمۃ قد صرحنا بھا قال وان کان مرادک غیر ذلک ثبت
بطلان الاحاطۃ المذکورۃ اھ فانظر الی ھذا الذی یزعم ان اللہ مع
جمیع صفاتہ داخل فی ما کان من اول یوم و یکون الی الیوم الاخر و
محصور مثبت فی اللوح ولیس خارجا عنہ الا کنہ الذات وحقیقۃ
الصفات فاذا علم النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من ذاتہ وصفاتہ
فی الاخرۃ علما جدیدا لم یعلمہ فی الدنیا فلا یخلو عن احد امرین اما
ان یعلم کنہ اللہ تعالیٰ وکنہ صفاتہ اذ ھو الذی کان خارجا عن اللوح
المحفوظ اولا یکون علمہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم محیطا فی الدنیا
بما حصر فی اللوح ولم یدر ان اللوح لا یحصر الا المتناھی والعلوم المتعلقۃ
بذاتہ وصفاتہ تعالیٰ غیر متناھیۃ والانبیاء یزدادون فیہ علما الی الابد
ولا یحصل لھم فی شیء من الاوقات الا المتناھی والمتناھی لا یکون کنہ
غیر المتناھی فلا یلزم شیء من المحذورین ولکن عدم التدبر یکون غطاء
العین۔ نسأل اللہ السلامۃ فی الدارین۔ امین ۱۲ منہ حفظہ ربہ
تعالیٰ جدیدہ

اور ہمیشہ معرفت الٰہی سے غیر تناہی باقی رہے گا تو ثابت ہوا کہ جمیع معلومات الٰہیہ کو پوری تفصیل کے ساتھ کسی مخلوق کا محیط ہو جانا عقلاً اور شرعاً دونوں طرح محال ہے بلکہ اگر تمام اولین و آخرین سب کے علوم جمع کر لئے جاتیں تو ان کے مجموعہ کو علوم الٰہیہ سے اصلا کوئی نسبت نہ ہوگی یہاں تک کہ وہ نسبت بھی نہیں ہو سکتی جو ایک بوند کے دس لاکھ حصوں میں سے ایک حصہ کو دس لاکھ سمندروں سے اس واسطے کہ بوند کا یہ حصہ بھی محدود ہے اور وہ دریائے ذخار بھی متناہی ہیں اور متناہی کو متناہی سے ضرور کوئی نسبت ہوتی ہے، اس لئے کہ ہم بوند کے اس حصہ کے برابر کیے بعد دیگرے ان سمندروں میں

اور یقیناً وہ پہلے سُن چکا تھا ہمارا یہ قول کہ ذات الٰہی غیر متناہی ہے اور اس کی صفات نامتناہی ہیں اور ہر صفت اس کی نامتناہی ہے اور بلا شبہہ غیر متناہی بالفعل سے متعلق نہیں ہوتا علم مخلوق تو ان کا (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) آخرت میں دوسری صفات الٰہی کا جاننا جنھیں پہلے سے نہ جانتے تھے احاطہ مذکور میں کیا قدح کرتا ہے اس اعتراض پڑنے کو سمجھا تو اس کا جواب یوں دیا کہ اگر تمھاری مراد یہ ہے کہ وہ (صلی اللہ علیہ وسلم) اس وقت ایسے کلام سے تکلم فرمائیں گے جو کنہ ذات الٰہی اور اس کی حقیقت صفات پر دلالت کرے گا تو یہ صحیح نہیں اور اس میں بے فائدہ طوالت کی یہ تو مسئلہ مسلمہ ہے اس کی تصریح ہم کر چکے۔ کہا" اور اگر تمھاری مراد اس کے ماسوا ہے تو بطلان احاطہ مذکور ثابت ہو گیا" تو دیکھو اس شخص کو جس کا زعم ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی جمیع صفات کے ساتھ ما کان یعنی جو پہلے دن سے ہو لیا اور ما یکون جو پچھلے دن تک ہوگا، میں داخل و محدود و لوح محفوظ میں مکتوب ہے اور اس سے باہر صرف کنہ ذات و حقیقت صفات ہے تو جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی ذات و صفات سے کوئی نیا علم آخرت میں پایا کہ جسے وہ دنیا میں نہ جانتے تھے تو دو امر سے خالی نہیں یا وہ کنہ ذات و صفات الٰہی جانتے تھے کیونکہ وہی لوح محفوظ سے خارج ہے یا ان کا علم محیط نہ تھا دنیا میں اس شئے کو جو لوح محفوظ میں محصور ہے اور یہ نہ جانا کہ لوح میں محصور متناہی ہی ہے اور علوم متعلقہ بذات و صفات نامتناہی ہیں اور اس میں انبیا کے علوم تا ابد زیادہ ہوتے رہیں گے اور انھیں کبھی کسی وقت حاصل نہ ہوگا۔ مگر متناہی اور نامتناہی کبھی تناہی نہ ہوگا تو دونوں محذوروں میں کچھ لازم نہیں آتا لیکن نافہمی ہوتی ہے آنکھ کا حجاب و پردہ میں اللہ سے خواستگار رہوں دارین میں سلامتی کا الٰہی ایسا ہی کر ۱۲ منہ غفرلہ جدیدہ

لما كانت لها نسبة ما اصلا الی علوم اللہ سبحانہ وتعالٰی حتی کنسبة حصة من الف الف حصة قطرة الی الف الف بحر و ذلك لان تلك الحصة من القطرة متناهية وتلك البحار الزواخر ایضا متناهیات ولابد للمتناهی من نسبة الی المتناهی فانا لو اخذنا امثال تلك الحصة من البحار مرة بعد اخری لابد ان یاتی علی البحار یوم تنفد وتفنی لتناهیها اما غیر المتناهی فکل ما اخذت منہ امثال المتناهی وان کان بالغا فی الکبر ما بلغ کان الحاصل متناهیا ابدا والباقی فیہ غیر متناہ ابدا فلا یمکن حصول نسبة ابدا هذا[1] هو ایماننا باللہ۔

---

[1] قولہ۔ هذا هو ایماننا باللہ من تامل کل ما تقدم فی هذا المبحث لاسیما هذہ الکلمات الاخیرة من قطع النسبة بین علم الخالق والمخلوق ایقن انہ قد کذب واللہ وافتری من نسب الی بریٔ منہ ادعاء المساواة بینهما وان لا فرق الا بالقدم والحدوث نعم مع ذلك لانحب اکفار من یقول بہ کما زعم فی الموضوعات وذلك لان من العرفاء من نقل عنہ ما یذهب الی هذا وهو سیدی ابو الحسن البکری قدس سرہ ومن تبعہ قال الشیخ العلامة العشماوی رحمہ اللہ تعالٰی فی شرح صلاة سیدی احمد البدوی الکبیر رضی اللہ تعالٰی عنہ ما نصہ وفی کلام العلامة عمر الحلبی وقد سئل

مطلب: الکلام علی مقالة سیدی ابی الحسن البکری انہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم یعلم جمیع علم اللہ تعالٰی

عن مقالة سیدی محمد البکری المذکور وهی ان النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کان یعلم جمیع علم اللہ تعالٰی ما حاصلہ مقالة الشیخ هذہ صحیحة اذ یجوز ان اللہ تعالٰی یهبہ علمہ ویطلعہ علیہ ولا یلزم من ذلك ان یدرك محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ مقام الربوبیة اذ العلم المذکور ثابت اللہ تعالٰی بذاتہ وللمصطفٰی صلی اللہ تعالٰی علیہ

ت انی لیتے جائیں تو ضرور ان سمندروں پر ایک دن وہ آئے گا کہ ختم و فنا ہو جائیں کہ آخر متناہی ہیں لیکن غیر متناہی میں سے کتنے ہی بڑے متناہی حصے کے امثال لیتے چلے جاؤ تو حاصل ہمیشہ متناہی ہی ہوگا اور اس میں ہمیشہ غیر متناہی باقی رہے گا تو کبھی کوئی نسبت حاصل نہیں ہو سکتی یہ[1] ہے ہمارا ایمان اللہ عزوجل پر۔

---

[1] قولہ ہذا ہوا یمانُنا باللہ جس نے اس بحث کے گزشتہ سارے مضامین میں فکر و تامل کام لیا خصوصًا ان پچھلے کلمات میں کہ "علم خالق و علم مخلوق میں قطعًا کوئی نسبت نہیں" وہ یقین کرے گا کہ بلاشبہ خدا کی قسم دروغ بانی و افترا پردازی کی جس نے منسوب کیا ایسے کی طرف جو اس سے بری ہے جھوٹے دعوی مساوات علم خالق و علم مخلوق کو اور یہ کہ فرق محض قدم و حدوث کا ہے۔ ہاں باوجود اس کے ہم تکفیر اس کی پسند نہیں کرتے جو اس کا قائل ہو جیسا کہ موضوعات میں ہے۔ کیونکہ بعض عارفین سے ادھر جاتا ہوا ارشاد منقول ہے اور وہ سیدی ابو الحسن بکری قدس سرہ اور ان کے اتباع ہیں فرمایا علامہ شیخ عشماوی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے شرح صلاۃ سید احمد بدوی کبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں جس کی عبارت یہ ہے کلام علامہ عمر حلبی میں ہے۔

مطلب :- اس ارشاد حضرت سیدی ابو الحسن بکری پر کہ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم جمیع علم الٰہی کے عالم ہیں کلام

سیدی محمد بکری مذکور کے ایک قول سے سوال ہوا اور وہ یہ کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سارے علم الٰہی کا علم تھا کلام علامہ عمر حلبی کا محصل یہ ہے کہ یہ ارشاد سیدی محمد بکری کا صحیح ہے اس لیے کہ ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ حضور پر فرما دے انھیں اپنا کل علم اور انھیں اس پر مطلع فرما دے اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مقام ربوبیت تک پہنچ جائیں اس لیے کہ علم مذکور اللہ تعالیٰ کے لیے بالذات ثابت ہے اور مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے تعلیم الٰہی سے اھ پھر علامہ عشماوی نے فرمایا مجھ سے ذکر کیا میرے بعض احباب نے کہ جب ہم کہیں گے کہ وہ ہر شے کو جانتے ہیں تو لازم آئے گی مساوات علم نبی صلی اللہ

تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے تعلیم الٰہی سے اھ پھر علامہ عشماوی نے فرمایا مجھ سے ذکر کیا میرے بعض احباب نے کہ جب ہم کہیں گے کہ وہ ہر شے کو جانتے ہیں تو لازم آئے گی مساوات علم نبی صلی اللہ

تعالیٰ علیہ وسلم کی علم الٰہی سے تو میں نے جواب دیا کہ اس سے یہ کچھ نہیں لازم آتا کہ یہ علم اللہ تعالیٰ کے لیے اصالتًا ہے اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے تبعًا۔ فرمایا تو اسے یہ جواب خوش آیا

کما فیها فی ص۲۸ وغیرہ ولامجاهرة بالکذب کما فیها ص۲۸ قولا
مخالفا للحق والصواب الذی لیس فیه شک ولا ارتیاب کما فیها
ص۳۱ وعلیه تمام الرسالة المفتراة وهذا ایضا من امارات انها
مفتراة او محرفة بایدی الوهابیة الغلاة والا لم یرض
بنسبة مجدد العلامة الی هذه العظائم اعنی کونه اجاره
الله تعالیٰ من الغلاة ومن المجاهرین بالکذب فی الدین
ومن مخالفی ما ثبت قطعا فی الدین المبین او شریک من
من هو کذالا من نقل قول الغلاة الکذابین المکذبین
القطعیات مع قول العادلین الصادقین المصدقین علی حد سواء
فقد جوز کل ذلک وجعله احد الساکتین وخیر المتلقی من کتابه

لئے ایک فصل خصائص کبریٰ میں باندھی اور فرمایا کہ یہ فصل ہے اس بیان میں
کہ بعض علماء کرام ادھر گئے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو علم خمس بھی دیا
گیا اور علم وقت ساعت اور علم روح بھی دیا گیا اور حضور کو اس کے چھپانے
کا حکم فرمایا اھ اور علامہ محمد ابن سید علامہ عبد الرسول برزنجی مدنی رحمہم اللہ
تعالیٰ نے اس کا اپنی کتاب الاشاعہ لاشراط الساعۃ ان دونوں کا ذکر برابر ایک
حد پر چلایا اور فرمایا کہ جب ہر ساعت سخت تھا اور اس کے علم کو اپنے لئے خاص کر لیا
تو مخلوق میں سے کسی کو نہ بتایا اور اسے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تعلیم فرمایا
اور دوسروں کو خبر دینے سے منع فرما دیا اس سے ہول دلانے اس کی بزرگی بڑھانے کے
لئے الخ یوں ہی ہے نسخہ مطبوعہ میں وعلمہا النبی "واو" کے ساتھ تو اگر واو اپنے معنی میں ہو اور جملہ
قائم مقام استثنا ہو تو یقیناً سید علامہ نے اختیار فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی
تعلیم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو دی اور اسی قول کو انھوں نے پسند کیا اور اگر واو بمعنی اَوْ کے
یا الف قلم ناسخ سے گر گیا تو انھوں نے دونوں قولوں کو ایک برابر حد پر بیان کیا اور
خود ساختہ رسالہ کی طرح اس کے بطلان پر جزم نہ فرمایا اور نہ مثل قول غلاۃ اسے بنایا
جیسا کہ اسی رسالہ میں صفحہ ۲۸ وغیرہ پر ہے نہ کھلم کھلا جھوٹ جیسا کہ اسی رسالہ کے
صفحہ ۲۰ میں ہے مخالف حق صواب بلا شک وارتیاب دیکھو ص ۱۲ اور اسی پر یہ جھوٹا
رسالہ تمام ہے یہ بھی اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ وہ رسالہ خود ساختہ یا محرف
دست غلاۃ وہابیہ ہے ورنہ نہ راضی ہوتے اپنے دادا کی طرف ان بڑی باتوں کی
نسبت پر یعنی ان کا ہونا غلاۃ (اللہ انھیں اس سے محفوظ رکھے) اور مجاہرین
فی الکذب سے اور مخالف اس چیز کے کہ جو یقینی طور پر دین مبین سے ثابت ہوئی۔
باشریک اس کا جواب ایسا ہے کیونکہ جس نے نقل کیا قول غلاۃ کا ذہین مکذبین قطعیات
ہمراہ قول عادلین صادقین مصدقین برابر ایک حد پر تو بلا شبہ اس نے اس
سب کو جائز رکھا اور کر دیا انھیں احد المجوزین اور اختیار دیا ان کی کتاب
سے تلقی کرنے والے کو یہ کہ اختیار کرے جسے چاہے جیسے کہ وہ شان ہے
ان دو قولوں کی جو نقل کئے جائیں بلا ترجیح کسی جانب کے دونوں جانبوں میں سے
اور جب تجھ پر یہ کھل گیا تو تجھے یہ کہنے کا حق ہے کہ مثبت مقدم ہے نافی پر اور
جو کچھ بھی ہو جواب ظاہر ہے ہر اس چیز سے جس کا رسالہ نے قیامت کے بارے میں
ایراد کیا کہ آیات ص ۲ و حدیث مسلم ص ۱۸ یہ کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے

ان یختار ایهما شاء کما هو شان قولین ینقلان بلا ترجیح لاحد الجانبین
د ظهر لک هذا فلک ان تقول المثبت مقدم علی النافی وایا ما کان
ظهر الجواب عن کل ما اوردت الرسالت فی الساعۃ کالایات صٓ بحث مسلم

ه انه صلی اللہ تعالی علیه وسلم قال الماسئل من الساعۃ قبل
وفاته بشهر انما علمها عند ربی وقول ابن کثیر صٓ وقت الساعۃ
لا یعلمه نبی مرسل ولا ملک مقرب وقول اسمٰعیل حقی صٓ منه
ما ستأثر نفسه الی قوله منه علم الساعۃ وما نقل صٓ من شقشقۃ
شقبۃ وزندقۃ دنیۃ عازیا بها الی القاری من سیوطی فی رسالۃ
الکشف عن مجاوزۃ هذه الامۃ الالف وهو فریۃ علی الامام
الجلیل الجلال السیوطی وهذه رسالۃ الکشف حاضرۃ لیس فیها لہ
اثر ولا اثرو فریۃ علی علی القاری فانه لم ینقله عن الامام السیوطی
اعالم یلخص ما نقله عنه الی قوله لا یتجاوز عن الخمسمأئۃ بعد الالف
ثم قال اعنی القاری قال وقد جاهر بالکذب الخ والضمیر فیه
لابن القیم

جب سوال کیا گیا ساعت سے حضور کی وفات سے ایک مہینہ پہلے تو حضور نے فرمایا
کہ علم اس کا میرے رب کو ہے اور قول ابن کثیر صـ۲ وقت ساعت اسے
نہیں جانتا ہے کوئی نبی مرسل نہ کوئی مقرب فرشتہ اور قول اسمٰعیل حقی صـ۲۳
"منہ ما استاثر لنفسہ تامنہ علم الساعۃ" وہ کہ نقل کیا صـ۲۵ پر منحوس بُر بُرا نا او
کمینہ بھنبھناہٹ جسے علامہ قاری کی طرف نسبت کیا علامہ سیوطی کے رسالہ
"الکشف عن مجاوزتہ ہذہ الامتہ الالف" سے حالانکہ وہ افترا ہے "امام جلیل
جلال سیوطی پر اور یہ رسالہ الکشف موجود ہے نہ اس میں بعینہٖ وہ نقل
اور نہ اس کا کوئی نشان اور علامہ قاری پر افترا ہے کہ انھوں نے امام جلال
سیوطی سے اسے نقل کیا صرف اس کا خلاصہ کیا ہے ان کے قول کے متجاوز
نہ ہوگی پانچ سوسے بعد ہزار کے۔ پھر علامہ قاری نے فرمایا کہ
انھوں نے کہا کہ کھلم کھلا جھوٹ بولا ضمیر اس میں راجع ہے ابن قیم کی طرف[۵]
سب ہونے والی باتیں جو لوح محفوظ میں ثبت فرما دی ہیں اس میں حکمت
یہ ہے کہ ملائکہ آئندہ باتوں پر مطلع ہوں کہ جب وہ باتیں لکھے ہوئے
کے مطابق واقع ہوں تو ان کا ایمان اور تصدیق بڑھے اور اس لئے
کہ ملائکہ جان لیں کہ کون مدح کا مستحق ہے اور کون مذمت کا تو ہر
ایک کے لئے اس کا مرتبہ پہچانیں انتہیٰ اور شاہ عبدالعزیز نے تفسیر
عزیزی میں ذکر کیا کہ لوح محفوظ پر مطلع ہونے سے یہ مراد ہے کہ جو باتیں
واقع میں موجود ہونے والی ہیں خارج میں ان کے وقوع سے پہلے
ان کا علم ہو جائے، خواہ لوح کی تحریر دیکھ کر ہو یا بغیر اس کے اور
یہ اولیاء اللہ کو کبھی حاصل ہوتا ہے کہا اور لوح محفوظ پر یوں اطلاع
کی کہ اس کے نقوش کا مطالعہ کریں یہ بھی بعض اولیاء سے بتواتر منقول ہے
انتہا مترجما اور بے شک امام شطنوفی وغیرہ ائمہ نے رسول اللہ صلی اللہ

[۵] اس کے بعد اصل میں باقی ورق زائد تھا، افسوس کہ بعد
تلاش کامل دستیاب نہ ہوا ۱۲

حکمۃ ذلک ای اثبات الکوائن کلھا فی اللوح اطلاع
الملئکۃ علی ما سیقع لیزدادوا بوقوعہ ایمانا
وتصدیقا ویعلموا من یستحق المدح والذم فیعرفوا
لکل مرتبتہ ام وقد ذکرالشاہ عبدالعزیز فی
تفسیر فتح العزیز ان المراد من الاطلاع علی اللوح المحفوظ
الاطلاع علی الموجودات النفس الامریۃ قبل ظہورھا
فی الخارج سواء کان بمطالعۃ النقوش اوبدونھا
وھذا یحصل لاولیاء اللہ تعالیٰ ایضا قال والاطلاع علی اللوح المحفوظ
بمطالعۃ النقوش ایضا منقول عن بعض اولیاء اللہ تعالےٰ
بالتواتر اہ مترجما واخرجت الائمۃ کالشطنوفی وغیرہ بسند
صحیح عن ابن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غوث الثقلین ؛
وغیاث الکونین ؛ سیدنا الغوث الاعظم ابی محمد عبدالقادر
الحسنی والحسینی الجیلانی ؛ رضی اللہ تعالیٰ
عنہ وارضاہ عنا وافاض علینا فی الدارین
من نورہ الربانی ؛ انہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ
کان یقول عینی فی اللوح المحفوظ اقول وھذا ربنا
تبارک وتعالیٰ یقول فی اللیلۃ المبارکۃ لیلۃ البراءۃ
فیھا یفرق کل امر حکیم امرا من عندنا فثبت بشہادۃ
اللہ تعالیٰ ان مدبرات الأمر یاتیھا الأعلام الالٰھی بجمیع
افراد الاربع من الخمس اعنی ماسوی الساعۃ قبل وقتھا
اقول وکذالک یجب ان یعلم سیدنا اسرافیل علیہ الصلاۃ
والسلام بالتجیل وقت الساعۃ عینا قبل وقوعھا ولو لحظۃ

تعالیٰ علیہ وسلم کے بیٹے سے بہ سند صحیح روایت کی وہ جو انس وجن دونوں
کی فریادرس اور دونوں جہان میں فریاد کو پہنچنے والے ہیں ہمارے آقا
غوث اعظم ابو محمد عبد القادر حسنی حسینی جیلانی اللہ ان سے راضی ہو اور
انھیں ہم سے راضی کرے اور دونوں جہان میں ہم پر ان کے الٰہی نور کا
فیض دائم فرمائے کہ حضور فرمایا کرتے تھے کہ میری آنکھ لوح محفوظ میں لگی ہے
اقول اور یہ ہے ہمارا رب تبارک و تعالیٰ کہ برکت والی رات شب برات
کے بارے میں فرماتا ہے "اس رات میں بانٹ دیئے جاتے ہیں سب حکمت
والے کام ہمارے حکم سے تو اللہ عزوجل کی گواہی سے ثابت ہوا کہ ان پانچ
غیبوں میں سے قیامت کے سوا چار کے جمیع افراد ان کے وقوع سے
پہلے اللہ تعالیٰ ان فرشتوں کو بتا دیتا ہے جو کام کی تدبیر کرنے والے ہیں
اقول اور اسی طرح واجب ہے کہ سیدنا اسرافیل علیہ الصلاۃ والسلام
بالتجیل قیامت کا خاص وقت تعین کے ساتھ اس کے وقوع سے پہلے جان لیں اگرچہ
ایک لحظہ اور یہ اس دن جب صور پھونکنے کا حکم دیا جائے گا تو وہ اپنا دوسرا پر بھی
گرا دیں گے اور ایک پر تو اس وقت گرا چکے ہیں جب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
پیدا ہوئے اس کے گراتے ہی فرشتہ نے کہ ان کا ماتحت ہے صور منہ میں اٹھا لیا
اور یہ ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ ارشاد کہ میں کیونکر چین لوں
حالانکہ صور والے نے صور منہ میں لے لیا ہے اور کان لگائے ہوئے ہے

ے ما ینبغی الخ ختم حدیث تو پھونکے گا صحابہ نے عرض کی ہم کیا کریں گے ارشاد فرمایا کہو
ہمیں کافی ہے اللہ اور بہتر کام بنانے والا (اس کو روایت کیا امام احمد اور ترمذی نے اور ابن حبان
اور حاکم نے ابو سعید خدری سے) اور امام احمد اور حاکم نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اور
احمد اور طبرانی نے کبیر میں زید ابن ارقم سے اور ابو الشیخ نے عظمت میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے
اور ابو نعیم نے حلیہ میں جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور ضیاء نے مختارہ میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے
۱۲ منہ حفظہ ربہ تعالیٰ حدیدہ

وذلك یوم یؤمر بالنفخ فیرخی جناحہ الآخر وقد ارخی احدھما حین ولد رسول الساعۃ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فالتقم الملک التابع الصور وقولہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کیف انعم وصاحب الصور قد التقمہ واصغی سمعہ وحنا جبھتہ ینتظر متی یؤمر بالنفخ[1] رواہ الترمذی عن ابی سعید الخدری رضی اللہ تعالٰی عنہ والملک جاث علی رکبتیہ ناظر الی جناح اسرافیل المبسوط بعد فاذا ارخاہ نفخ فبین الاذن وقیام الساعۃ ارخاؤہ الجناح وھو حرکۃ والحرکۃ زمانیۃ فلابد من تقدم العلم ولو لمحۃ[2] فاذا وجب ھذا الملک مقرب فما المحیل ان یعلمہ الحبیب الاعظم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم

---

[1] تمامہ فینفخ قالوا کیف نصنع قال قولوا حسبنا اللہ ونعم الوکیل رواہ الامام احمد و الترمذی وابن حبان والحاکم عن ابی سعید الخدری واحمد والحاکم عن ابن عباس واحمد والطبرانی فی الکبیر عن زید بن ارقم وابو الشیخ فی العظمۃ عن ابی ھریرہ وابونعیم فی الحلیۃ عن جابر والضیاء فی المختارۃ عن انس رضی اللہ تعالٰی عنھم ۱۲ منہ حفظہ ربہ تعالٰی جل یدہ

[2] ھذا الدلیل المنیر مما استنبطہ بفکری وقت ھذا التحریر ثم رأیت بعد ایام ما قال فی التفسیر الکبیر تحت قولہ تعالٰی علم الغیب فلا یظھر علٰی غیبہ احدا ونصہ بتلخیص ای وقت وقوع القیمۃ من الغیب الذی لا یظھرہ اللہ لاحد فان قیل فاذا حملتم ذلک علی القیمۃ فکیف قال الا من ارتضی من رسول مع انہ لا یظھر ھذا الغیب لاحد من رسلہ قلنا بل یظھرہ

اور ماتھا جھکائے ہوئے ہے انتظار کر رہا ہے کہ کب پھونکنے کا حکم دیا جائے یہ حدیث ترمذی نے ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی اور وہ فرشتہ اپنے دونوں زانوؤں پر کھڑا ہوا اسرافیل علیہ الصلاۃ والسلام کے اس پر کی طرف نگاہ جمائے ہوئے ہے جو ابھی پھیلا ہوا ہے تو جب وہ اس پر کو گرائیں گے تو یہ صور پھونک دے گا تو صور پھونکنے کی اجازت اور قیام قیامت میں ان کے پر گرانے کا فاصلہ ہے اور یہ ایک جنبش ہے اور جنبش زمانہ میں ہوتی ہے تو ضرور ہے کہ وقوع سے پہلے قیامت کا انھیں علم ہولے گا اگرچہ ایک لمحہ تو جب[1] یہ ایک مقرب فرشتہ کے لئے واجب ہوا تو سب سے بڑھ کر پیارے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے کون محال کرنے والا ہے کہ قیامت کو اس کے وقوع سے مثلاً دو ہزار برس پہلے جان لیں اور حضور کو حکم ہوا کہ اوروں کو نہ بتائیں لاجرم معتزلہ نے جو کرامات اولیاء کی نفی پر اس آیت سے استدلال کیا کہ اللہ غیب کا جاننے والا ہے تو وہ اپنے غیب پر مطلع نہیں کرتا کسی کو سوا اپنے پسندیدہ رسولوں کے علامہ نے شرح مقاصد میں اس کے جواب میں فرمایا غیب یہاں عام نہیں بلکہ مطلق ہے یا ایک معین یعنی وقت قیامت اور اس پر اوپر کی آیت قرینہ ہے

---

[1] ہذا الدلیل الخ یہ روشن دلیل اس تحریر کے وقت میری فکر نے استنباط کی تو پھر چند روز کے بعد میں نے دیکھا، تفسیر کبیر میں فرمایا زیر قول الٰہی" عالم الغیب فلا یظہر علی غیبہ احدا "خلاصۂ تصریح یہ ہے یعنی وقت وقوع قیامت اس غیب سے ہے کہ ظاہر نہ کرے گا اللہ اس کو کسی پر۔ اگر کہا جائے کہ جب تم نے اسے قیامت پر محمول کیا تو کیونکر ارشاد فرمایا "الا من ارتضی من رسول" باوجودیکہ ظاہر نہ کیا اس غیب کو کسی پر اپنے رسولوں میں سے ہم کہیں گے بلکہ اسے ظاہر کیا قرب قیامت اور کیوں نہیں کہ بلا شبہ ارشاد فرمایا جس دن کہ آسمان پھٹ جائے گا ابر کے ساتھ اور ملائکہ اتریں گے اترنا اس میں شک نہیں کہ ملائکہ اس وقت جان لیں گے قیامت قائم ہونے کو اھ اقول غالباً میرا استنباط زیادہ محکم ہے پھر ہمیں احتجاج میں قول ان کا" قلنا بل نظہرہ" کافی ہے واللہ تعالیٰ اعلم اھ منہ حفظہ ربہ مدینہ

قبل وقوعه بالفی سنة مثلا ویؤمر ان لایخبر لاجرم قال العلامة فی شرح المقاصد جوابا عن تمسک المعتزلة فی نفی الکرامة بقوله تعالیٰ عالم الغیب فلا یظهر علی غیبه الاٰیة ما نصه الغیب ههنا لیس علی العموم بل مطلق او معین هو وقوع القیٰمة بقرینة السابق ولا یبعد ان یطلع علیه بعض الرسل من الملئکة او البشر اھ ای فیصح الاستثنا فاذن انما ینتفی عن الاولیاء علم وقت الساعة ویثبت هذا ایضا لمن ارتضی من رسول بدلیل الاستثناء بل قال الامام القسطلانی فی ارشاد الساری شرح صحیح البخاری ولا یعلم متی تقوم الساعة احد الا اللّٰه

عند قرب القیٰمة کیف لا وقد قال تعالیٰ یوم تشقق السماء بالغمام وتنزل الملئکة تنزیلا ۔ ولاشک ان الملائکة یعلمون فی ذلک الوقت قیام الساعة اھ اقول ولعل استنباطی احکم ثم یکفینا فی الاحتجاج قوله قلنا بل یظهره واللّٰه تعالیٰ اعلم اھ منه حفظه ربه مکیه

ثم العجب کل العجب ممن لا یفرق بین العلم بالشیٔ بعد وقوعه والعلم به قبله ولو بزمان قلیل فان الاول علم بالشهادة والثانی من علم الغیب والغیب لا یصیر الشهادة بقرب الوقوع والتجوز بانما قرب من الشیٔ یعطی حکمه لا یغیر الحقائق حتی یجعل الغیب شهادة او المعدوم موجودا وامثال هذه الخطابیات لا تسمع فی باب خصائص الالوهیة ولذا لم یلتفت الیه الامام الرازی کما سمعت فتثبت ولا تصغ الی امثال تلک الاباطیل اھ منه مدنیه

(اس میں قیامت ہی کا ذکر ہے) اور کچھ دور نہیں کہ ملائکہ یا بشر کے بعض رسولوں
کو اس کا علم ہو انتہٰی یعنی تو رسولوں کا استثنا صحیح ہوا تو اس وقت اولیاء
سے صرف علم قیامت کی نفی ہوگی اور اللہ کے پسندیدہ رسولوں کے لئے یہ بھی
ثابت ہوگا کہ ان کا استثنا اس پر دلیل ہے بلکہ امام قسطلانی نے ارشاد الساری
شرح صحیح بخاری میں فرمایا، اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ قیامت کب ہوگی
مگر اس کے پسندیدہ رسول کہ اللہ ان کو اپنے جس غیب پر چاہے مطلع فرما دیتا
ہے اور ولی رسول کا تابع ہے اس سے علم حاصل کرتا ہے۔ انتہٰی
بلکہ[1] شاہ عبدالعزیز صاحب کے والد شاہ ولی اللہ نے تفہیمات الٰہیہ میں خود اپنا
حال بیان کیا کہ ان کو بعض واردات میں خاص وہ وقت بتایا گیا، جب
قیامت قائم ہوگی اور آسمان پھٹیں گے پھر جب آپے میں آئے تو پورے طور
پر محفوظ نہ رہا اور بھولا بھولا خواب ہوگیا تو جب الیسوں کے لئے یہ ثابت ہے

پھر اچنبھا اور پورا اچنبھا اس شخص سے کہ جو فرق نہ کرے درمیان علم بالشیٔ بعد وقوع
اور علم بالشیٔ قبل وقوع کے اگرچہ تھوڑے زمانہ کے ساتھ کیونکہ پہلا علم بالشہادت
ہے اور دوسرا علم غیب ہے اور غیب شہادت نہیں ہو جاتا قرب وقوع سے اور حکم بالمجاز
اس طرح کہ جو قرب سے شیٔ سے اسے حکم شے کا دیا جاتا ہے حقائق نہیں بدل دیتا
تا آنکہ غیب کو شہادت کردے یا معدوم کو موجود اس طرح کے خطابیات در بارۂ
خصوص نص و بیت مسموع نہیں اسی واسطے امام رازی نے اس طرف التفات نہ کیا
جیسا کہ تم نے سُنا توجہ رہو اور اس طرح کہ اباطیل پر کان نہ رکھو اھ منہ مدینہ

من ارتضی من رسول فانه یطلعه علی ما یشاء من غیبه والولی تابع له یاخذ عنه اھ بل ذکر الشاہ ولی اللہ الدھلوی والد الشاہ عبد العزیز فی التفھیمات الالھیۃ عن حال نفسہ انه اعلم بتعیین وقت الساعۃ وانشقاق السماء فی بعض وارداته ثم لما افاق لم ینضبط وصار کرؤیا رئیت ونسیت فاذا کان ھذا الامثال ھؤلاء فیا سبحن رب المصطفی من قدر المصطفی وعلم المصطفی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فی حاشیۃ الفتح المبین للعلامۃ حسن بن علی المدابغی والفتوحات الوھبیۃ شروح اربعین الامام النووی فی علمه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم بوقت الساعۃ الحق کما قال جمع ان اللہ سبحٰنه وتعالی لم یقبض نبینا علیه الصلاۃ والسلام حتی اطلعه علی کل ما ابھمه عنه الا انه امر بکتم بعض

لے قلت قوله بل ذکرہ الشاہ الخ رأیت فی کلام العارف الکبیر والولی الشھیر سیدی عبد السلام الاسمر افاض اللہ علینا فیضه الانور ورضی عنه وعنا به امین التصریح بان اللہ تعالیٰ اطلعه علی قیام الساعۃ قرنا وسنۃ وشھرا وساعۃ ذکرہ فی معرض الامتنان وما ذلک علی اللہ بعزیز ھ کتبه الفقیر حمدان الجزائری مدینه حمدانیه ھذا اٰخر الحواشی التی زین بھا طرۃ کتابی بل بیض بھا غرۃ جوابی علامۃ المغرب حضرۃ مولینا حمدان حمد مساعیه المنان اٰمین والحمد للہ رب العٰلمین اھ منه حفظه ربه

عہ عبارت فیوض ھکذا اگر گوئی رمیدانی بوجدان کہ افلاک کے فنا خواہند شد گویم آرے میدانم اجمالا ونمی دانم تفصیلا مثل کسیکہ می بیند خواب وفراموش می کند آنرا پس ہرگاہ ببیند تعبیر را یاد میکند چیزے کہ فراموش کردہ ۱۲

تو مصطفٰی کے رب کے لئے پاکی ہے کیا قدر مصطفٰی کی علم مصطفٰی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم
اور اربعین امام نووی کی شرح فتوحات الٰہیہ نیز اس کی دوسری شرح فتح المبین
کے حاشیہ میں قیامت کا علم نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو ملنے کے بارے میں ہے
حق یہ ہے جیسا ایک جماعت علماء نے فرمایا کہ اللہ تعالٰی ہمارے نبی صلی اللہ تعالٰی
علیہ وسلم کو دنیا سے نہ لے گیا یہاں تک کہ جو کچھ حضور پر پوشیدہ رہ گیا تھا سب
حضور کو بتا دیا ہاں یہ ہے کہ بعض باتیں چھپانے کا حضور کو حکم دیا اور بعض کے
بتانے کا انتہی اسی طرح خشاری نے رسالہ حضرت سیدی احمد کبیر بدوی کی
شرح میں اسی کو صحیح بتایا **اقول** اور یہ سب ایک ہمارے ارشاد الٰہی

لے قلت تو اہل ذارہ لشاہ الخ جس نے کلام میں بڑے عارف اور مشہور ولی میرے سردار
علیہ ... رحمہ اللہ تعالٰی فائز فرمائے ہم پر ان کا فیض اور اللہ راضی ہو ابو سعید ...
... یوں ہی کہ تصریح اس کی دیکھی کہ اللہ تعالٰی نے مطلع فرمایا حضور کو قیامت کے ہونے
... وقت پر سدی اور سال اور مہینہ اور گھڑی اور ذکر کیا اس کو اللہ تعالٰی نے عرض متن
میں اور یہ اللہ پر کچھ دشوار نہیں ہے لکھا فقیر حمدان جزائری نے مدینہ ...
یہ سب سے پچھلا ان حواشی میں سے ہے جس سے ... کی تب ... کو
بلکہ چکا دیا میرے جبین جواب کی سپیدی کو علامہ ملک مغرب حضرت مولانا ...
محمود ... کی سعیاں بڑے احسان والا الٰہی ایسا ہی کر اور سب خوبیاں اللہ پروردگار
... منہ حفظہ ربہ

والاعلام ببعض ام وكذلك صححه العشماوى فى شرح الصلاة احمدية اقول وكل ذلك لمعة من انوار قوله عز وجل ونزلنا عليك الكتب تبيانا لكل شئ، كما الهمنا الله تعالى لتقديره فاشرق الحق بنور الكتاب ؛ كشمس تجلت عنها السحاب ؛ وبعد ذلك لاحاجة لنا الى سرد جزئيات من الخمس اخبر بها الاولياء العظام ؛ على سيدهم وعليهم الصلاة والسلام ؛ فان ذلك بحر لايدرى قعره فيخرج الكلام عن النظام ؛ ومن لم يشفه القرآن ؛ فانى تزول عنه السقام ؛ نسأل الله العفو والعافيه وعلى الحبيب الصلاة والسلام ؛

القسم الثانى

الحمد لله ظهر الحق وزهر الصواب - وانجلى عن شمس الهدى كل حجاب - ذلك من فضل الله علينا وعلى الناس ولكن اكثر الناس لايشكرون - ومن نظر فى كلام احقر العبيد نظر متدبر مستفيد - والقى السمع وهو شهيد ظهر له الجواب السديد عن كل ما يصول به صائل عنيد - ولكن التصريح اجدى واحرى بالبيان - فلنتكلم على كل سوال بحياله والله المستعان -

کے انوار سے کہ ہم نے تم پر قرآن اتارا ہر چیز کا روشن بیان جیسی کہ اللہ تعالٰے نے اس کی تقریر ہمیں الہام فرمائی تو حق چمک اٹھا قرآن کے نور سے جیسے سورج سے بادل ہٹ جائے اور اس کے بعد ہمیں حاجت نہیں کہ ان پانچوں غیب کے جزئیات کی تفصیل کریں جو اولیائے کرام نے بتائے ہیں، ان کے سردار اور ان پر درود وسلام کہ یہ وہ سمندر ہے جس کا گہراؤ نہ معلوم ہو تو ان کے گنانے میں کلام انتظام سے نکل جائے گا اور جسے قرآن شفا نہ دے اس کی بیماریاں کہاں جائیں ہم اللہ سے عفو و عافیت مانگتے ہیں اور پیارے پر درود وسلام۔

دوسرا حصّہ

الحمدللہ حق ظاہر ہوا اور صواب چمک اٹھا اور آفتاب ہدایت پر کوئی پردہ نہ رہا۔ یہ اللہ کا فضل ہے ہم پر اور لوگوں پر لیکن بہت لوگ شکر نہیں کرتے اور جو اس حقیر ترین بندگان کے کلام میں ایسے شخص کی طرح نظر کرے جو بات میں غور کرے اور فائدہ لینا چاہے یا قلب حاضر کے ساتھ کان لگائے حملہ آور ہٹ دھرم کے ہر سوال کا صحیح جواب اس پر ظاہر ہو جائے گا مگر تصریح زیادہ نافع اور بیان کے زیادہ لائق ہے تو چاہیے کہ ہم ہر سوال پر جدا جدا کلام کریں اور اللہ ہی سے مدد مطلوب ہے۔

پہلا سوال اس عبارت سے جو فاضل ابوالذکا سلامت اللہ سلمہ اللہ کے رسالہ اعلام الاذکیا مطبوعۂ ہند آخر میں واقع ہوئی اور اللہ درود بھیجے ان پر جو اول و آخر ظاہر و باطن ہیں اور وہ ہر شے کے

السوال الاوّل عمّا وقع فی آخر النسخۃ المطبوعۃ بالھند من رسالۃ اعلام الاذکیاء للفاضل ابی الذکاء سلامۃ اللہ سلمہ اللہ بلفظ وصلی اللہ علی من ھو الاوّل والآخر والظاھر والباطن وھو بکل شیئ علیم

اقول الجواب الاول ھٰذہ رسالۃ ارسلھا الی المصنف حفظہ اللہ تعالٰی للتقریظ وقلت فیما قرظت علیہ وھو

بمرای منکم ما ترجمتہ نعم قول زید حق وصحیح
وزعم بکر مردود وقبیح فاللہ تعالٰی عزت عظمتہ اعطی
حبیبہ سید العالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم علوم
جمیع الأولین والأخرین واراہ الشرق والغرب
والعرش والفرش وجعلہ شاھد ملکوت السمٰوات و
الارض وعلمہ ما کان وما یکون من اول یوم الٰی یوم
القیٰمۃ کما فصل دلائلہ تفصیلاً کافیا بقدر الحاجۃ
مولانا الفاضل الکامل المجیب ٭ سلمہ المولی القریب المجیب
وان لم یکن شیئ فالقرآن العظیم شاھد عدلٌ وحکم فصل ٭
قال تعالٰی ونزلنا علیک الکتٰب تبیانا لکل شیئ الٰی آخر
ما قررت وحررت من الدلیل ٭ علی ذاک المدعی الجلیل ٭
فکل من ترعرع عن العامیۃ ولو قلیلا یعرف انی ما التزمت
فی تقریظی ھذا الا ان الدلائل التی ذکرھا الفاضل المجیب
کافیۃ بقدر الحاجۃ فلم یکن اذ ذاک نظری الی کل لفظ
لفظ بل ولا الی تصویر المدعی الذی فیہ فانی صورتہا
بعبارتی علی حدۃ ومن خدم العلم ومجالس العلماء ولہ

جاننے والے ہیں **اقول** جواب اول یہ رسالہ مصنف حفظہ اللہ تعالیٰ نے میرے پاس تقریظ کے لئے بھیجا تھا اور میں نے اس کی تقریظ میں لکھا اور وہ تمہاری آنکھوں کے سامنے موجود ہے۔ جس کی عبارت یہ ہے :۔

"زید کا قول حق وصحیح اور بکر کا زعم مردود وقبیح ہے بے شک اللہ تعالیٰ عزت عظمتہ نے اپنے حبیب اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تمامی اولین وآخرین کا علم عطا فرمایا شرق تا غرب عرش تا فرش سب انھیں دکھایا ملکوت السموات والارض کا شاہد بنایا روز اول سے روز آخر تک کا سب ما کان وما یکون انھیں بتایا جیسا کہ مفصل بیان کیے اس کے دلائل کافی تفصیل سے بقدر حاجت مولینا فاضل کامل مجیب نے اسلم الموالی التقریب المجیب) اگر کچھ نہ ہو تو قرآن عظیم شاہد عدل اور حکم فصل ہے فرمایا اللہ تعالیٰ نے :" اتاری ہم نے تم پر کتاب جو ہر چیز کا روشن بیان ہے "

اس دلیل کے آخر تک جو میں نے اس مدعائے جلیل پر تحریر وتقریر کی اور ہر ایک جو عامی پنے سے گھٹنے چل کر آگے نکل گیا ہے پہچانے گا کہ میں نے اپنی اس تقریظ میں صرف اتنی بات کا ذمہ لیا ہے کہ جو دلیلیں فاضل مجیب نے ذکر کیں، بقدر حاجت کفایت کرتی ہیں اور اس میں رسالہ کے لفظ لفظ پر نظر نہیں بلکہ جس طرح دعویٰ کی صورت اس میں مذکور ہوئی وہ بھی ملحوظ نہیں اس لئے کہ میں نے صورت دعویٰ اپنی عبارت میں علیحدہ ذکر کی ہے اور جس نے علم کی خدمت کی یا عقل وتمیز کے ساتھ علماء کی صحبت میں بیٹھا تو وہ تقریظ اور تصحیح کرنے والوں کے الفاظ میں تمیز کر لیتا ہے کہ تقریظ والے اگر یوں کہیں کہ ہم نے یہ رسالہ یا فتویٰ اول سے آخر تک غور وتامل کے ساتھ دیکھا جیسا کہ گنگوہی نے براہین قاطعہ کی تقریظ میں لکھا تو انھوں نے اس رسالہ یا فتویٰ میں جو کچھ ہے اس سب کی صحت کا ذمہ لیا اور اس وقت درست ہے کہ اس میں

لہ اعلام الاذکیا نہ میسر ہونے کے سبب حوالہ عربی کا یہ اردو ترجمہ ہے۔

عقل وتميز فانه يميز بين الفاظ المقرظين والمصححين
فانهم ان قالوا نظرنا تلك الرسالة او الفتيا من اولها
الى آخرها نظر تدبر وامعان كما قال الكنكوهي فى تقريظ
البراهين القاطعة فقد التزموا صحة جميع ما فيها
ويصح حينئذٍ ان ينسب اليهم كل ما تضمنته من المبانى والمعانى
وان قالوا طالعناه من عدة مواضع نوجدنا انه
نافع فانما حسنوا موضوع الكتاب اما طرق البيان
وسوق البرهان ❊ واللفظ والبيان ❊ فمسكوت عنه
لا انكار ولا اذعان ❊ ومثله قول مصحح الفتوى الحكم
صحيح بل ربما يؤمى بطرف خفى الى شئ غير مرضى فى
الدليل او الالفاظ حيث خص حكم الصحة بالحكم فان زاد
لفظ النفس كان اشد اشعارا بوجود النقص وان اعادوا
الدعوى بالفاظهم وقالوا فصل المجيب دلائله فمدلول
كلامهم تسليم الدلائل ويمكن ان احبوا فى
نفس الدعوى تبديل لفظ او زيادة كلمة او نقص
حرف حتى ذكروها بعبارات انفسهم ويمكن ان
اعادوها لزيادة ايضاح وتاكيد وافصاح فلا يحكم عليهم
فى دعوى الأصل بقبول ولا اعتراض واذا كان هذا
فى نفس الدعوى فما ظنك بالالفاظ الخارجة الزائدة
التى لا تعلق لها بدليل ولا دعوى هذا ما تقتضيه
الصناعة العلمية وظهر لك منها انى لم القِ بالى
حين التقريظ الى الأمور الزوائد ولا يحضرني الآن ما كان

جو کچھ معانی اور عبارات ہیں وہ سب ان تقریظ کرنے والوں کی طرف منسوب کیے جائیں اور اگر یوں کہیں کہ ہم نے اسے جا بجا سے دیکھا اور نافع پایا تو صرف اس کی تحسین کی جس مادہ میں کتاب لکھی گئی، رہے بیان کے طریقے اور دلیل کی روانی اور الفاظ و عبارت ان کے حال سے سکوت ہے نہ انکار ہے نہ اقرار اور اسی طرح فتویٰ کی تصحیح میں مصحح کا کہنا کہ حکم صحیح ہے بلکہ کبھی ایک پوشیدہ نظر سے اس طرف اشارہ کرتا ہے کہ دلیل یا الفاظ میں کچھ ناپسند ہیں جب تو صرف حکم کو صحیح بتایا اور اگر لفظ نفس زیادہ کردیا (کہ لفظ نفس صحیح ہے) تو یہ نقص پر زیادہ دلیل ہوگا۔ اور اگر مصححین اپنے لفظوں میں دعوی کا اعادہ کریں اور کہیں کہ مجیب نے اس کے دلائل کی تفصیل کی تو ان کے کلام سے دلائل ہی کی تسلیم سمجھی جائے گی اور ممکن ہے کہ انھوں نے نفس دعویٰ میں کسی لفظ کا بدلنا یا بڑھانا یا کسی حرف کا گھٹانا ناپسند کیا۔ اسی وجہ سے اسے اپنی عبارت میں ذکر کیا اور یہ بھی ممکن ہے کہ انھوں نے دعوی کا اعادہ زیادت توضیح و تاکید و تصریح کے لئے کیا ہو تو مصححین پر کچھ حکم نہ لگایا جائے گا کہ انھوں نے اصل کا دعویٰ برقرار رکھا یا اس پر کچھ اعتراض کیا۔

اور جب نفس دعوی میں یہ بات ہے تو تیرا ان خارج و زائد لفظوں پر کیا گمان ہے۔ جنھیں دلیل سے نہ تعلق ہے نہ دعوی سے یہ وہ ہے جو عالمانہ طریقہ کا مقتضی ہے اور اس تقریر سے تجھے ظاہر ہوگیا کہ میں نے تقریظ لکھتے وقت زائد باتوں کی طرف خاص توجہ نہ کی اور اس ذلت

فی اصل مسودۃ اذ ذاک ولکن رایت فی ترجمتہ بالعربیۃ
للمؤلف بالخط المعروف لدینا فی کل ما یأتینا من رسائلہ
ومسائلہ للتصدیق والتحقیق ما نصہ وصلے من ھو
الاول والاٰخر والظاھر والباطن وھو بکل شیٔ علیم
علے مظھر ھوالاول والاٰخر والظاھر والباطن وھو
بکل شیٔ علیم وھٰذا الامتار فیہ لوھم الواھم
ولاغروان تبدلت علے کاتب المطبع لفظۃ مظھر بلفظۃ
من ھو فانہ ھوالذی کتب فی تقریظی مکان محمد لفظۃ
مجمعون انظر اخر ص۲۹ المطبوع خطأ ص۲۶ فان کان
الامر ھکذا فبھا ونعمت وان فرضنا ان اصل العبارۃ
مثل المطبوع فانا اعرف المجیب انہ فاضل سنی سدید الاعتقاد
شدید النکایۃ علی اھل البدع والعناد۔ وفریضۃ عین
علی کل مسلم ان یحمل کلام اخیہ علی احسن مایقدر
علیہ من محمل وتوجیہ ولاجرم ذلک الامن حرم سلامۃ
القلب کمانص علیہ الائمۃ الاخیار **فالجواب**
الثانی مالکم تقرؤن لفظ مَنْ بسکون النون جاعلین
لہ اسم الموصول لم لاتقرؤنہ مَنّ بتشدید ھامکسوًا
مضا فا الی الجملۃ اے صلی اللہ تعالی علی مَنّۃ ھٰذہ الاٰیۃ
وھو محمد صلے اللہ تعالی علیہ وسلم کما قال تعالے
الذین بدلوا نعمۃ اللہ قال ابن عباس رضی اللہ تعالے
عنھما نعمۃ اللہ محمد صلے اللہ تعالی علیہ وسلم
فھو صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نعمۃ اللہ ومنۃ

مجھے یاد نہیں آتا کہ جب ان کے اصل مسودہ میں کیا لفظ تھا، مگر اس رسالہ کا جو عربی ترجمہ مؤلف نے کیا اور وہ اسی معروف خط کا لکھا ہوا ہے جس میں ان کے رسائل ومسائل جو ہمارے پاس تصدیق و تحقیق کے لئے آتے ہیں لکھے ہوتے ہیں اس میں لفظ یوں ہے کہ درود بھیجے وہ جو اول وآخر وظاہر وباطن اور ہر چیز کا دانا ہے ان پر جو اس آیت کے مظہر ہیں، وہی اول وآخر ظاہر وباطن اور وہی ہر چیز کا دانا ہے۔ اس میں کسی وہم والے کے وہم کی گنجائش نہیں اور کچھ تعجب نہیں ہے کہ مطبع کے کاتب سے مظہر کا لفظ من ہو سے بدل گیا ہو کہ اسی کاتب نے میری تقریظ میں محمد کی جگہ مجمون لکھا دیکھو ص۲۹ کا آخر جو غلطی سے ص۲۶ چھپا تو اگر بات ایسی ہی ہے جب تو بہتر بہت خوب اور اگر ہم فرض کرلیں کہ اصل عبارت اسی طرح ہے جیسی چھپی تو میں مجیب کو پہچانتا ہوں کہ وہ عالم سنی صحیح العقیدہ ہیں اور بدمذہبوں معاندوں کو بہت زخم رساں ہیں اور ہر مسلمان پر فرض عین ہے کہ اپنے بھائی کا کلام تاحد قدرت بہتر سے بہتر معنی و توجیہ پر حمل کرے اس سے محروم نہ ہوگا مگر وہ جو سلامتِ قلب سے محروم رہا جیساکہ ائمہ اخیار نے اس پر نص فرمایا پس **جواب دوم** یہ ہے کہ تمھیں کیا ہوا کہ لفظ من کو بسکون نون اسم موصول بناکر پڑھتے ہو اسے مَنِّ بہ تشدید وکسر نون آیت کریمہ کی طرف مضاف کرکے کیوں نہیں پڑھتے یعنی اللہ تعالیٰ ان پر درود بھیجے جو اس آیہ کریمہ کی نعمت ہیں اور وہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں جیساکہ اللہ تعالیٰ نے کافروں کو فرمایا کہ انھوں نے اللہ تعالیٰ کی نعمت کو بدل دیا۔ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اس آیت کی

القرآن وخص هذه الآية بالذكر لمناسبة المقام
فانه صلی الله تعالی علیه وسلم اوّل العٰلمین
خلق نشهد کل الخلائق لوجوده اول منها جمیعا و
آخر المرسلین بعثا فجمع جمیع ما انزلت الیهم من
العلوم وظاهر بایاته منها باخباره بالغیوب و باطن
بحقیقته التی هی المظهر الأتم للذات العلیة والصفات
الأزلیة فهو صلی الله تعالی علیه وسلم عالم باعلام ربه
تبارك وتعالی جمیع ما کان وما یکون من اول یوم الی
آخر الایام فامتن الله تعالی علیه بتجلی هٰذه الاسماء
الخمسة وامتن علینا بارساله فهو منة تلك
الآیة الکبری **الجواب الثالث** لاشك انه
صلی الله علیه وسلم سمی بکثیر من اسماء الله الحسنیٰ
عد منها سیدنا الوالد قدس سره الماجد فی کتاب
المستطاب سرور القلوب فی ذکر المحبوب سبعة
وستین اسماء وزاد الفقیر علیه جملة صالحة فی
کتابی العروس الاسماء الحسنا فیما للنبینا من الاسماء
الحسنی وذکر مخارجها وماخذها ومعلوم ان الاوّل و
الاخر والظاهر والباطن ایضا من الاسماء التی اعطاها
ربنا تبارك وتعالی نبینا صلے الله تعالی علیه وسلم
انظر المواهب وشرحه للزرقانی وفیها جمیعا حدیث
نفیس عن ابن عباس رضی الله تعالی عنهما فیه ارسالہ تعالی

له قال العلامة القاری فی شرح الشفاء تدوری التلمسانی

تفسیر میں) فرمایا کہ نعمت الٰہی سے مراد محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں
تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ کی نعمت قرآن کی منت ہیں
اور خاص اس آیت کا ذکر مناسبت مقام کی سبب کیا اس لئے کہ نبی
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آفرینش میں تمام جہاں سے اوّل ہیں تو تمام
مخلوقات الٰہی کو حضور نے دیکھا کہ حضور ان سب سے پہلے موجود
ہوئے اور تمام پیغمبروں سے بعثت میں آخر ہیں تو تمام انبیاء پر جتنے
علم اترے وہ سب حضور نے جمع فرمالئے اور حضور اپنے معجزوں سے
ظاہر ہیں، ان میں سے حضور کا غیب کی خبریں دینا ہے اور حضور اپنی ذات
سے باطن ہیں کہ وہ اللہ عزوجل کی ذات اور اس کی قدیم صفات کی مظہر
تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روز اول سے روز آخر تک جو کچھ
ہوا اور ہوگا اپنے رب کے بتانے سے اس سب کو جانتے ہیں تو اللہ تعالیٰ عزوجل
نے حضور پر ان پانچوں ناموں کی تجلی سے منت فرمائی اور ہم پر حضور کے بھیجنے
سے احسان فرمایا تو حضور اس آیۂ عظمیٰ کی منت ہوئے **جواب سوم** کوئی شک
نہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے بہت سے اسمائے حسنیٰ کے
ساتھ موسوم ہوئے ان میں سے ہمارے سردار حضرت والد قدس سرہ الماجد نے
اپنی کتاب مستطاب سرور القلوب فی ذکر المحبوب میں ستر سٹھ ۶۷ نام شمار فرمائے اور
فقیر نے اپنی کتاب النعوس الاسماء الحسنیٰ من الاسماء الحسنیٰ میں ایک معقول تعداد ان پر
زائد کی اور جن محدثوں نے انھیں روایت کیا اور جہاں جہاں سے وہ نام لئے
گئے ان سب کا ذکر کیا اور معلوم کہ اول و آخر ظاہر و باطن بھی انھیں ناموں میں
سے ہیں۔ جو ہمارے رب تبارک و تعالیٰ نے ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم کو عطا فرمائے، مواہب اور اس کی شرح علامہ زرقانی کی دیکھو اور مجموعہ ان

جبریل علیہ الصلاۃ والسلام الیہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم وتسمیتہ بتلک الأسماء الاربعۃ وبیان وجہ کل ذالک فاجعلوا من موصولۃ وتمت صلتہا الی قولہ والباطن اما قولہ وھو بکل شئ علیم فانا نسأ لکم ھل تصح اضافۃ ھذہ الجملۃ الی النبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ام لا ولیس یصلح لہا فان کان الاول فما ذا النفور وان کان الآخر فلم تجعلون الضمیر فیہ الیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لم لا تجعلونہ للہ عزوجل وقد تقدم ذکرہ تعالیٰ فیہ فیکون المعنی صلی للہ تعالیٰ علی من ھو الأول والآخر

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اتانی جبریل فسلم علیّ فقال السلام علیک یااول السلام علیک یا آخر السلام علیک یاظاھر السلام علیک یا باطن فانکرت ذلک علیہ وقلت انما ھذہ صفۃ الخالق فقال یا محمد ان اللہ تعالیٰ امرنی ان اسلم بہا علیک لانہ قد فضلک بھذہ الصفۃ وخصک بہا جمیع النبیین والمرسلین فشق لک اسما من اسمہ ووصفا من وصفہ وسماک بالاول لانک اول الانبیاء خلقا وسماک بالاخر لانک آخر الانبیاء فی العصر وخاتم الانبیاء الی آخر الامم وسماک بالباطن لانہ تعالیٰ کتب اسمک مع اسمہ بالنور الاحمر فی ساق العرش قبل ان یخلق اباک آدم بالفی عام الی ما لا غایۃ لہ ولا نہایۃ فامرنی بالصلاۃ علیک فصلیت علیک الف عام بعد الف عام حتی بعثک اللہ بشیرًا ونذیرًا وداعیا الی اللہ باذنہ وسراجا منیرا وسماک بالظاھر لانہ اظھرک فی عصرک ھذا علی الدین کلہ

چاروں ناموں میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ایک نفیس[1] حدیث ہے جس میں یہ ذکر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جبریل امین علیہ الصلوٰۃ والسلام کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا اور انھوں نے آکر حضور کے یہ چاروں نام لئے اور ہر ایک کی وجہ بیان کی تو من کو موصولہ ہی ٹھہراؤ اور اس کا صلہ والباطن تک تمام ہو گیا۔ رہا یہ قول کہ وہ ہر چیز کا دانا ہے ہم تم سے پوچھتے ہیں کہ اس جملہ کو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف نسبت کرنا صحیح ہے یا نہیں؟ اور حضور کے لئے نہیں ہو سکتا اگر پہلی شق لیتے ہو تو یہ بدکنا کیسا اور اگر دوسری شق مانتے ہو

---

[1] قول العلامۃ القاری الخ علامہ قاری نے شرح شفا میں فرمایا کہ تلمسانی نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا، انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جبریل اترے مجھ پر سلام کیا تو اپنے سلام میں کہا سلام تم پر اے اول۔ سلام تم پر اے آخر۔ سلام تم پر اے ظاہر۔ سلام تم پر اے باطن تو

میں نے اس کا انکار کیا اور کہا کہ یہ صفت یقیناً خدا ہی کی ہے تو انھوں نے کہا کہ اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) بلاشبہہ مجھے حکم فرمایا کہ میں تم پر ان صفات کے ساتھ سلام کروں کہ اس نے تمھیں ان صفتوں سے فضل عطا فرمایا اور تمام انبیا و مرسلین سے ان صفات کے ساتھ تمھیں خاص کیا اور تمھارے لئے اپنے نام سے نام اپنے صفات سے صفت نکالی اور تمھارا اول نام رکھا، کیونکہ تم اول الانبیا ہو پیدائش کے اعتبار سے اور آخر نام کیونکہ تم زمانہ میں انبیاء سے پیچھے اور پچھلی امت کے پچھلے نبی ہو اور تمھارا نام باطن رکھا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے تمھارے نام کو اپنے نام کے ساتھ سرخ نور سے ساق عرش پر لکھا قبل اس کے کہ تمھارے باپ آدم کو پیدا کرے دو ہزار برس پہلے تا بے نہایت بغایت مجھے تم پر درود کا حکم دیا۔ تو میں نے تم پر درود بھیجا۔ ہزار برس بعد ہزار برس کے یہاں تک کہ اللہ تعالےٰ نے تمھیں مبعوث کیا خوشی سنانے والا اور ڈرانے والا اور اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلانے والا اور چمکتا چراغ اور تمھارا نام ظاہر رکھا کیونکہ تمھیں غالب فرمایا تمھارے اس زمانہ میں ہر دین پر اور تمھاری

والظاہر والباطن وھو سبحٰنہ وتعالیٰ بکل شی علیم ختمہ بہا
کما ختم اللہ تعالیٰ عزوجل ولٰکن رسول اللہ وخاتم النبیین
بقولہ وکان اللہ بکل شی علیما **فان** زعمتم ان فیہ
تفکیک الضمائر **قلت** کلا بل عدم صلوح الجملۃ لہ صلی اللہ تعالیٰ

وعرف شرعلک و فضلک اھل السمٰوات والارض فما
منھم من احد الا وقد صلی علیک صلی اللہ تعالیٰ علیک فربک
محمود وانت محمد وربک الأول والاخر والظاھر و
الباطن فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الحمد
للہ الذی فضلنی علی جمیع النبیین حتی فی اسمی وصفتی وفی
درۃ الغواص وفی الجواھر والدرر کلتا ھما لسیدی عبد الوھاب
الشعرانی عن شیخہ سیدی علی الخواص قدس سرھما فی
شانہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سر جامع ومظھر لامع فھو الاول
والاٰخر والظاھر والباطن الخ اھ منہ غفرلہ **مدینہ**

علیہ وسلم کما زعمتم اجلی مرتبۃ علی ان الضمیر لیس لہ۔
الاتسمعون قول اللہ تبارک وتعالیٰ انا ارسلنک شاھدا
ومبشرا ونذیرا لتومنوا باللہ ورسولہ وتعزروہ وتوقروہ وتسبحوہ
بکرۃ واصیلا فضمائر تعزروہ وتوقروہ لرسول اللہ صلی
اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وضمیر تسبحوہ للہ سبحانہ وتعالیٰ
ولذا وقف القراء علی توقروہ ولم یلزم الانتشار لانہ سبحٰن
الذی لا ینبغی التسبیح الا لہ لعدم صلوحہ لہ صلی اللہ تعالیٰ

(دہ) کی ضمیر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف کیوں ٹھہراتے ہو اللہ عزوجل کے لئے کیوں نہیں قرار دیتے کہ اسی کلام میں اللہ عزوجل کا ذکر اوپر ہو چکا ہے۔
تو معنی یہ ہوئے کہ اللہ درود بھیجے ان پر جو اول و آخر و ظاہر و باطن ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر شے کا دانا ہے اس جملہ پر اسے ختم کیا جس طرح اللہ تعالیٰ نے اپنے ارشاد کو کہ ولیکن اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں میں پچھلے اپنے اس قول سے ختم فرمایا کہ اللہ سب کچھ جانتا ہے اب اگر تم یہ کہو کہ اس میں انتشار ضمائر ہوگا میں کہوں گا ہرگز نہیں بلکہ یہ بات کہ پچھلا جملہ حضور کے لائق نہیں جیسا تم گمان کرتے ہو روشن تر قرینہ ہے کہ یہ ضمیر حضور کے لئے نہیں کیا اللہ عزوجل کا یہ ارشاد نہیں سنتے کہ بے شک ہم نے تمھیں بھیجا، حاضر و ناظر اور خوش خبری دیتا اور ڈر سناتا تاکہ اے لوگو تم ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول پر اور تعظیم کرو رسول کی اور توقیر کرو رسول کی اور تسبیح کرو اللہ کی صبح و شام تو تعزروہ اور توقروہ کی ضمیریں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے ہیں اور تسبحوہ کی ضمیر اللہ سبحانہ و

شریعت کی تعریف کی اور اہل سموات والارض پر تمھیں تفضیل دی تو ان میں سے کوئی نہیں مگر یہ کہ وہ تم پر درود پڑھتا ہے اللہ آپ پر درود بھیجے کہ آپ کا رب محمود ہے اور آپ محمد اور آپ کا رب اول و آخر و ظاہر و باطن ہے اور آپ اول و آخر و ظاہر و باطن ہیں تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اس اللہ کے لئے حمد ہے جس نے مجھے تمام انبیاء پر فضیلت دی حتی کہ میرے اسم و صفت میں۔
اور درۃ الغواص میں اور جواہر و درر میں کہ یہ دونوں سیدی عبدالوہاب شعرانی کی ہیں اپنے شیخ سیدی علی خواص قدس سرھما سے شان نبی کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم میں ہے راز ان کا جامع اور مظہر ان کا لامع ہے نور ہی اول و آخر و ظاہر و باطن ہیں اھ منہ غفرلہ مدینہ

علیہ وسلم کان اظہر قرینۃ علی ان ھذا الضمیر للہ تعالیٰ نما

لکم کیف تحکمون **الجواب الرابع** ھب ان المصنف راجع

فی نیتہ الضمائر کلہا للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

مع انہ لیس لکم الحکم علی قلب احد فانبؤنا کیف یقضی بہ

علی خروجہ عن التوحید او عن دائرۃ السنۃ والجماعۃ

فان کونہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علیما مما لا ینکرہ مسلم

بل ولا کافر سیر اخبارہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اما کل شیٔ

فاقول لہ موارد شتی ❊ والکل فی القراٰن اتی ❊ قال تعالیٰ

وکان اللہ بکل شیٔ علیما ھذا یشمل جمیع المعلومات والمفہومات

من الواجب والممکنات والمحالات وھو العلم المخصوص من قولہم

ما من عام الا وقد خص منہ البعض ❊ وقال تعالیٰ ان اللہ

علی کل شیٔ قدیر فھذا یشمل الممکنات الموجودات والمعدومات

ولا سبیل لہ الی الواجبات والمحالات کما حققتہ فی سبحٰن السبوح

عن عیب کذب مقبوح اذ لو قدر علی الواجب لم یبق الٰہا

کما تقدم او علی المحال فمن المحال فناؤہ فیقدر علیہ فیکون

فناؤہ ممکنا فلم یکن وجودہ واجبا فلم یکن الٰہا وقال تعالیٰ

انہ بکل شیٔ بصیر فھذا یشمل الموجودات جمیعا من الذات

والصفات والممکنات دون المحالات والمعدومات لان المعدوم

لا یصلح للرؤیۃ کما نص علیہ علماؤنا فی اصول الدین منہم

سیدی عبد الغنی النابلسی قدس سرہ فی المطالب الوفیہ

قلت الا تری ان من یری ما لا وجود لہ فی نفس الامر کالدائرۃ

(حاشیہ: فائدہ ان لفظۃ کل تختلف معانیہ باختلاف المحل)

تعالیٰ کے لیے ہے اسی واسطے قاریوں نے توقروہ پر وقف کیا اور انتشار ضمائر
لازم نہ آیا۔ اس لیئے کہ پاکی ہے اسے کہ تسبیح سوا اس کے دوسرے کو لائق نہیں
تو اس کا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے نہ ہو سکنا روشن تر قرینہ ہوا کہ
ضمیر اللہ تعالیٰ کے لیے ہے کیا ہوا حکم لگاتے ہو۔ جواب چہارم ہم
نے مانا کہ مصنف نے اپنی نیت میں کل ضمیریں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف
پھیریں حالانکہ تم کو کسی کے دل پر حکم لگانے کا اختیار نہیں تو اب ہمیں بتاؤ
کیونکر اس کے سبب مصنف پر اسلام یا دائرہ اہل سنت سے نکلنے کا حکم دیا
جائے گا۔ اس لیے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علیم ہونے سے
کسی مسلمان بلکہ کسی ایسے کافر کو بھی انکار نہیں ہو سکتا جس نے حضور اقدس صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم کے احوال سے واقفیت حاصل کی اب رہا کل کا لفظ **اقول** اس
کے متعدد مواقع ہیں اور وہ سب قرآن عظیم میں آئے ہیں اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے
اللہ کل شیٔ کا عالم ہے اور یہ واجب ممکن و محال غرض جملہ مفہومات کو شامل ہے
اور یہ وہ عام ہے جو خاص کیا گیا اصولیوں کے اس قول سے کہ کوئی عام ایسا نہیں
جس میں کچھ نہ کچھ کوئی تخصیص نہ کی گئی ہو اور فرماتا ہے بے شک اللہ کل شیٔ پر قادر
ہے یہ ممکنات کو شامل ہے موجود ہوں خواہ معدوم واجب اور محال کی طرف
اس کو کوئی راہ نہیں جیسا کہ سبحن السبوح عن عیب کذب[۱۳۰] مقبوح میں ہم نے
اس کی تحقیق بیان کی اس لیے کہ اگر واجب پر قادر ہو تو خدا نہ رہے گا جیسا کہ اوپر گذرا اور اگر
محال پر قادر ہو تو منجملہ محال اس کا فنا ہونا بھی ہے تو اس پر بھی قادر ہو گا تو اس کی فنا
ممکن ہو گی تو اس کا وجود واجب نہ ہو گا تو خدا نہ رہے گا اور فرماتا ہے بے شک اللہ
کل شیٔ کو دیکھ رہا ہے تو یہ جملہ موجودات کو شامل ہے۔ جن میں ذات و صفات الٰہی
اور ممکنات داخل ہیں نہ محالات و معدومات اس لیے کہ معدوم دکھائی دینے کے

فی الشعله الجوّالة والخط فی القطرة النازلة ودوران الدار بدوران الراس فانه یقال له اخطأ فی النظر ؛ وتعد تلك المرئیات من اغلاط البصر ؛ والله منزه عن الخطاء والغلط وقال تعالیٰ خالق کل شیٔ فهذا انما یشتمل الممکن الموجود فی شیٔ من الازمنة لا الواجب ولا المحال ولا الممکن الذی لم یوجد ولا یوجد الی ابد الابد ؛ وقال تعالیٰ کل شیٔ احصینٰه فی امام مبین فهذا لا یشمل الا ما وجد ویوجد من الحوادث من اول یوم الی اخر الایام لا غیر المتناهی لاستحالة ان یحیط به المتناهی کما تقدم فانظران اللفظة فی المواضع الخمسة واحدة والمراد بها فی کل مقام العموم لکن انما شملت کل کلمة فی دائرتها الا ما هو خارج عنها غیر صالح لها وهٰذا لا یرتاب فیه عاقل فضلا عن فاضل ؛ وقد اثبتنا عرش التحقیق ان القران العظیم ؛ وصحاح احادیث الرسول الکریم علیه وعلی آله افضل الصلاة والتسلیم ؛ ناطقة بحصول العلم ما کان وما یکون من اول یوم الی الیوم الاخر اعنی ما کتب فی اللوح المحفوظ لنبینا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ونص العلماء منهم العلائی فی الدر المختار انه یجوز اطلاق الاسماء المشترکة کعلی ورشید علی الخلق ویراد فیهم غیر ما یراد فی الله تعالیٰ ۔ فاذن قوله وهو بکل شیٔ علیم اذا اضیف الی الله تعالیٰ علیه یراد به المعنی الاول اذا اضیف الی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یراد به المعنی الخامس فلا محذور ولا محظور

الجواب الخامس سیدنا الشیخ المحقق

[margin notes, illegible]

قابل ہی نہیں جیسے کہ کتب عقائد میں ہمارے علماء نے اس کی تصریح کی ازانجملہ سیدی عبدالغنی نابلسی نے مطالب وفیہ میں **اقول** کیا نہیں دیکھتا جسے ایسی چیز نظر آئے جو واقع میں موجود نہیں جیسے شعلہ جوالہ میں دائرہ اور مینہ کی اترتی بوند سے خط اور سر کے گھومنے سے گھر کا گھومنا، اسے یہ کہا جائے گا کہ اس کی نظر نے خطا کی اور یہ جو چیزیں دکھائی دیں نگاہ کی غلطی سمجھی جائے گی اور اللہ تعالیٰ خطا اور غلط سے پاک ہے اور فرماتا ہے اللہ کل شے کا خالق ہے تو یہ صرف اس ممکن کو شامل ہوگا جس کے لیے کسی زمانہ میں وجود ہو نہ واجب و محال کو اور نہ اس ممکن کو جو کہ نہ کبھی ہوا اور نہ ابد الآباد تک کبھی ہو اور فرماتا ہے ہر چیز ہم نے شمار کر دی ہے ایک روشن پیشوا میں تو یہ صرف انھیں حادث چیزوں کو شامل ہے جو روز ازل سے روز آخر تک ہوئیں اور ہوں گی نہ غیر متناہی کو کہ متناہی کا اسے گھیرنا محال ہے جیسا کہ گذرا تو اب دیکھیے کہ پانچوں جگہ لفظ تو ایک ہی ہے اور ہر جگہ اس سے عموم ہی مراد ہے۔ مگر ہر بات نے اتنی ہی چیزوں کا احاطہ کیا جو اس کے دائرہ میں ہیں نہ اسے جو اس سے باہر ہے اور اس کی قابلیت نہیں رکھتا اور اس میں کسی عاقل کو شک نہ ہوگا چہ جائے فاضل اور بے شک ہم عرش تحقیق ثابت کر آئے کہ قرآن عظیم اور صحاح احادیث نبی کریم علیہ وعلی آلہ افضل الصلاۃ والتسلیم ناطق ہیں کہ روز اول سے روز آخر تک کے جمیع ما کان وما یکون یعنی جملہ مکتوبات لوح محفوظ کا علم ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حاصل ہے اور علماء نے تصریح فرمائی ازاں جملہ مدقق علاء الدین نے درمختار میں کہ جو نام خالق و مخلوق میں مشترک ہیں مخلوق پر ان کا بولنا جائز ہے اور مخلوق کے لیے ان کے معنی اور لیے جائیں گے ان کے غیر جو اللہ کے واسطے مراد ہوں تو یہ قول کہ وہ کل شی کا عالم ہے جب اللہ تعالیٰ کی طرف نسبت کیا جائے تو اس سے پہلے

عبدالحق المحدث البخاری الدہلوی ؛ قدس سرہ المعنوی من اجلۃ العلماء واکابر الاولیاء ملأ ذکرہ الأسماع والبقاع وطاب بطیب نشرہ البلاد والقاع ؛ ولابد ان ساداتنا علماء مکۃ ایضا عالمون بجلالۃ شانہ ؛ ورفعۃ مکانہ لہ قدس سرہ مصنفات جلیلۃ الوقع ؛ جزیلۃ النفع ؛ فی الدین والشرع ؛ منہا لمعات التنقیح شرح مشکاۃ المصابیح واشعۃ اللمعات فی اربع مجلدات وجذب القلوب و شرح سفر السعادۃ فی جلدین وفتح المنان فی تائید مذہب النعمان وشرح فتوح الغیب ومدارج النبوۃ فی سیرہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی مجلدین لطیفین واخبار الاخیار وآداب الصالحین ومقدمۃ فی اصول الحدیث الی غیر ذلک مضت علی وفاتہ قدس سرہ ثلثمائۃ سنۃ مزارہ بدہلی یزار ویتبرک بہ فہذا الامام الجلیل القدر الجلی الفخر ؛ قد بدء خطبۃ کتابہ مدارج النبوۃ ؛ بتلک[لہ] الآیۃ المتلوۃ ؛ وقال تلک الکلمات کما انہا مشتملۃ علی حمد اللہ تعالیٰ

[لہ] وازیدک اخرالذ داحلی قال سیدنا الشیخ الاکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فی الباب العاشر من الفتوحات المکیہ ج ۱ ص ۱۲۷ اول نائب کان لہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وخلیفۃ آدم علیہ الصلاۃ والسلام ثم ولد واتصل النسل وعین فی کل زمان خلفاء الی ان وصل زمان نشأۃ الجسم الطاہر المحمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نظہر مثل الشمس الباہرۃ فاندرج کل نور فی نورہ الساطع وغاب کل حکم فی حکمہ وانقادت جمیع الشرائع

معنی مراد ہوں گے اور جب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف نسبت کیا جائے تو اس سے پانچویں معنی لئے جائیں گے تو نہ کوئی قباحت نہ کوئی ممانعت **جواب پنجم** ہمارے سردار شیخ محقق عبدالحق محدث بخاری دہلوی قدس سرہ المعنوی جو اجلہ علما اور اکابر اولیا سے ہیں ان کی شہرت سے کان اور مکان بھرے ہوئے ہیں اور ان کی خوشبو کی مہک سے شہر اور میدان مہک اٹھے اور ضرور ہے کہ ہمارے سردار علما رمکہ بھی ان کی جلالت شان اور رفعت مکان سے آگاہ ہیں شیخ قدس سرہ کے لئے تصنیفیں ہیں جن کی ونعمت عظیم اور دین وشرع میں نفع کثیر ان میں سے لمعات[۱] التنقیح شرح مشکوۃ المصابیح اور اشعۃ[۲] اللمعات چار جلدوں میں اور جذب[۳] القلوب اور شرح سفر[۴] السعادۃ دو جلدوں میں اور فتح[۵] المنان فی تائید مذہب النعمان اور شرح[۶] فتوح الغیب در احوال نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں مدارج[۷] النبوۃ دو جلد لطیف میں اور اخبار[۸] الاخیار اور آداب[۹] الصالحین اور ایک مختصر[۱۰] متن اصول حدیث میں اور ان کے سوا شیخ قدس سرہ کی وفات کو تین سو برس گذرے ان کا مزار دہلی میں ہے جس کی زیارت کی جاتی ہے اور اس سے برکت حاصل کی جاتی ہے تو ان امام جلیل القدر جلی الفخر نے اپنی کتاب مدارج النبوۃ کا خطبہ اسی آیت سے شروع کیا اور فرمایا جس طرح یہ کلمات حمد وثنا الٰہی پر مشتمل ہیں

---

[۱] وازیدک اخریٰ الخ اور تمھارے لئے دوسری زیادہ کروں جو لذیذ اور شیریں تر ہے۔ فرمایا شیخ سیدنا اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دسویں باب فتوحات مکیہ جلد ایک ص۱۴۱ میں پہلا نائب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اور ان کا خلیفہ آدم علیہ الصلاۃ والسلام ہیں۔ پھر پیدائش ہوئی اور نسل کا اتصال ہوتا رہا۔

وثنا ئہ حمد بہا نفسہ فی کتابہ کذلک تتضمن نعت رسول

اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ و سلم و سماہ وصفہ بہا ربہ تبارک و

تعالٰی وکم من اسماء اللہ الحسنٰی فی الوحی المتلو وغیر المتلو سمّی اللہ

بہا حبیبہ صلے اللہ تعالٰی علیہ و سلم کالنور والحق والحلیم و المومن

و المھیمن والوالی و الھدی و الرؤف والرحیم وغیر ذلک و

ھذہ الاسماء الاربعۃ الاول والاخر والظاھر والباطن ایضًا

ثم اخذ بذکر وجہ تسمیتہ منہا ثم قال وھو بکل شیٔ

علیم النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم علیم بجمیع

الاشیاء من شیونات الذات الالٰھیۃ واحکام صفات

الحق والاسماء و الافعال والاثار واحاط بجمیع علوم

الظاھر والباطن والاول والاخر وصار مصداق فوق کل

ذی علم علیم علیہ من الصلوات افضلہا ومن التحیات

انتہاھ مترجما فان کان ھذا جرما فی الشرع فہذا الامام

الجلیل اشد جرما من المجیب ولہ اسلف فیہ فاحکموا علیہ

وانبئونی ھل ھو قدس سرہ اجاز بہ کافر عندکم او ضال مضل

الیہ ظہور سیادتہ التی کانت باطنۃ فہو الاول والاخر والظاھر والباطن وھو بکل

شیٔ علیم فانہ قال اوتیت بجوامع الکلم وقال عن ربہ ضرب بیدہ بین

کتفی فوجدت بردا نا ملہ بین ثدیی فعلمت علم الاولین والاخرین فحصل لہ

التخلق والنسب الالٰہی من قولہ تعالٰی عن نفسہ ھو الاول والاخر والظاھر والباطن

وھو بکل شیٔ علیم وجاءت ھذہ الاٰیۃ فی سورۃ الحدید الذی فیہ باس شدید

ومنافع للناس فلذلک بعث بالسیف وارسل رحمۃ للعالمین اھ منہ

حفظہ ربہ۔ مدنیہ

کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن عظیم میں ان سے اپنی حمد فرمائی۔ اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت کو متضمن ہیں ان کے رب نے ان کے یہ نام رکھے اور ان اوصاف سے ان کا یہ وصف کیا اور قرآن مجید اور حدیث قدسی میں اللہ تعالیٰ کے کتنے ہی اسمار حسنیٰ ہیں کہ اس نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان سے مسمی کیا جیسے نور اور حق اور حلیم اور حکیم اور مومن اور مہیمن اور ولی اور ہادی اور رؤف اور رحیم اور ان کے سوا اور یہ چاروں نام اوّل و آخر و ظاہر و باطن بھی انھیں میں سے ہیں۔ پھر ان میں سے ہر نام کی وجہ بیان کرنی شروع کی۔ پھر فرمایا وہ ہر شے کے عالم ہیں۔

